آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ Daily SHAL Quetta شال کوئٹہ

www.dailyshal.com

جلد نمبر 35 | بروز منگل 28 مارچ 2023ء بمطابق 06 رمضان المبارک 1444ھ قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 74

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	6:00
ظہر	1:45
عصر	4:00
مغرب	5:40
عشاء	07:00

اہل تشیع

فجر صبح	05:45
ظہرین	12:30
مغربین	6:15

پوری محنت اور کوشش سے نظام میں دن بہ دن بہتری آرہی ہے، وزیر اعظم

پولیس اور سب مل کر اس نظام کو (بہتر بنا رہے ہیں) اور یہ پاکستان کی تاریخ میں پہلا موقع ہے کہ اس طرح کے منصوبے کو لانچ کیا گیا، ہم ماضی میں رعایتی نرخوں پر آٹا ہر دوکان پر دیتے تھے لیکن اس بار یہ طے ہوا کہ فری آٹا دیا جائے اور یہ بہت بڑا چیلنج ہے

دوسرا بڑا مسئلہ یہ ہے کہ بے شمار لوگ ایسے ہیں جو بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے ریکارڈ پر نہیں ہیں تاہم وہ بھی خط افلاس سے کم پر زندگی بسر کر رہے ہیں، ان کو دقت پیش آرہی ہے، گزشتہ رات تک طے ہوا تھا کہ یہ مسئلہ حل ہو جائے گا

سیاسی قیادت، تمام اداروں اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کو ملک کا کھویا ہوا مقام واپس دلانے کیلئے دن رات ایک کرنا ہوگا، شہباز شریف کی راولپنڈی میں مفت آٹے کی فراہمی کے مراکز کے معائنے کے دوران گفتگو

راولپنڈی (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ پنجاب کے 10 کروڑ لوگ فری آٹا اسکیم سے مستفید ہو رہے ہیں، سیاسی قیادت، تمام اداروں اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کو ملک کا کھویا ہوا مقام واپس دلانے کیلئے دن رات ایک کرنا ہوگا۔ وہ پیر کو راولپنڈی میں مفت آٹے کی فراہمی کے مراکز کے معائنے کے دوران گفتگو کر رہے تھے۔ اس موقع پر وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات مریم اورنگزیب، پنجاب کے نگران وزیر صحت ڈاکٹر جمال ناصر، وزیر اعظم کے معاون خصوصی احد چیمہ، مسلم لیگ (ن) کے رہنما ملک ابرار احمد، کمشنر راولپنڈی اور دیگر اعلیٰ بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

راولپنڈی: وزیر اعظم میاں محمد شہباز شریف مفت آٹا تقسیم پوائنٹ پر انتظامات کا جائزہ لے رہے ہیں

چیف جسٹس کے ون مین پاور شو کے اختیار پر نظر ثانی کرنا ہوگی، ججز

سپریم کورٹ کو صرف ایک شخص کے فیصلوں پر نہیں چھوڑا جاسکتا، ازخود نوٹس 4 ججز نے مسترد کیا، آرڈر آف کورٹ 3-4 کا فیصلہ ہے، وقت آگیا ہے چیف جسٹس آفس کا ون مین شو کا لطف اٹھانے کا سلسلہ ختم کیا جائے

چیف جسٹس کے ون مین پاور شو کے اختیار پر نظر ثانی کرنا ہوگی، سپریم کورٹ کو صرف ایک شخص کے فیصلوں پر نہیں چھوڑا جاسکتا، وقت آگیا ہے کہ چیف جسٹس آفس کا 'ون مین شو' کا لطف اٹھانے کا سلسلہ ختم کیا جائے

ازخود نوٹس کے اختیار کے بارے میں فل کورٹ کے ذریعے پالیسی بنانا ہوگی، سپریم کورٹ ججز، سپریم کورٹ کو صرف ایک شخص کے فیصلوں پر نہیں چھوڑا جاسکتا، تفصیلی فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) پنجاب اور کے پی الیکشن کی تاریخ کے تعین کے حوالے سے لیے جانے والے سپریم کورٹ کے ازخود نوٹس کیس کے حوالے سے جسٹس منصور علی شاہ اور جسٹس جمال مندوخیل نے تفصیلی فیصلہ جاری کر دیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ ازخود نوٹس کے اختیار کے بارے میں فل کورٹ کے ذریعے پالیسی بنانا ہوگی، چیف جسٹس کے ون مین پاور شو کے اختیار پر نظر ثانی کرنا ہوگی، سپریم کورٹ کو صرف ایک شخص کے فیصلوں پر نہیں چھوڑا جاسکتا، ازخود نوٹس 4 ججز نے مسترد کیا، آرڈر آف کورٹ 3-4 کا فیصلہ ہے، وقت آگیا ہے چیف جسٹس آفس کا ون مین شو کا لطف اٹھانے کا سلسلہ ختم کیا جائے، کیس میں ایک بار کاز لسٹ جاری ہونے کے بعد بینچ تبدیل نہیں ہوسکتا۔ پیر کو 27 صفحات پر مشتمل تفصیلی فیصلے میں جسٹس منصور علی شاہ اور جسٹس جمال بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

طوبا دوزئی ڈیم سے 17000 ایکڑ اراضی سیراب ہو رہی ہے، محمد خان لہڑی

ڈیم کے علاوہ 11 کلومیٹر روڈ اور 2 بڑے پل بھی تعمیر ہوئے ہیں گزشتہ مون سون بارشوں سے ڈیم کو نقصان پہنچا، صوبائی وزیر ایریگیشن

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی وزیر ایریگیشن بلوچستان عوامی پارٹی کے رہنما حاجی محمد خان لہڑی نے کہا ہے طوبا دوزئی ڈیم سے 17000 ایکڑ اراضی سیراب ہو رہی ہے، اس کی تعمیر پر 4 ارب 64 کروڑ روپے کی لاگت آئی ہے جس میں ڈیم کے علاوہ 11 کلو بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

مکران کوسٹل ہائی وے کنڈ ملیر کے مقام پر کوچ اور ٹرک میں تصادم کے نتیجے میں 6 افراد زخمی

اوتھل (نامہ نگار) مکران کوسٹل ہائی وے کنڈ ملیر کے مقام پر کوچ اور ٹرک میں تصادم کے نتیجے میں 6 افراد بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

محکمہ موسمیات نے بلوچستان کے مختلف اضلاع میں 28 سے 31 مارچ تک تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ وقفے وقفے سے بارش کی پیش گوئی کر دی

کوئٹہ (این این آئی) محکمہ موسمیات نے بلوچستان کے مختلف اضلاع میں 28 سے 31 مارچ تک تیز ہواؤں بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

لورالائی میں فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق

لورالائی (این این آئی) لورالائی میں فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ہو گیا۔ تفصیلات کے مطابق لورالائی بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

کوئٹہ میں ریلوے پولیس کی کارروائی ریلوے کی 7 ہزار فٹ سے زائد اراضی واگزار کروالی گئی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں ریلوے پولیس کی کارروائی ریلوے کی 7 ہزار فٹ سے زائد اراضی واگزار بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

(آج) شام آسمان پر پانچ سیارے ایک ساتھ نظر آئیں گے، ماہرین فلکیات

اسلام آباد (این این آئی) ماہرین فلکیات نے کہا ہے کہ (آج) منگل کی شام غروب آفتاب کے بعد پانچ بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

محمود گیرام ایریا سے نامعلوم شخص کی نعش برآمد کر لی گئی ہے جنہیں فائرنگ کر کے قتل کیا ہے

منگچر (این این آئی) محمود گیرام ایریا سے نامعلوم شخص کی نعش برآمد کر لی گئی ہے جنہیں فائرنگ کر کے قتل بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

پسنی کے گہرے سمندر میں لانچ ڈوب گئی، ماہی گیروں کو بچا لیا گیا

گوادر (این این آئی) پسنی کے گہرے سمندر میں لانچ ڈوب گئی، ماہی گیروں کو بچا لیا گیا، آمدہ اطلاعات بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

عوام کے لیے بہترین صحت کی سہولیات فراہم کرنے کے لیے کوشاں ہوں، رکن اسمبلی شاہ بلوچ

خاران (این این آئی) رکن صوبائی اسمبلی شاہ بلوچ نے کہا کہ عوام کے لیے بہترین صحت کی سہولیات فراہم بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

خان صاحب ہاتھ میں پالش برش لیے چیخ چیخ کر پالش کرنے کا موقع مانگ رہا ہے، ترجمان پی ڈی ایم

بلٹ پروف گاڑی سے اتر کر بلٹ پروف پنجرے میں بیٹھنے والا خوف کے بت توڑنے کا بھاشن دے رہا تھا، حافظ حمد اللہ

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ (پی ڈی ایم) کے مرکزی ترجمان مولانا حافظ حمد اللہ نے کہا ہے کہ بلٹ پروف گاڑی سے اتر کر بلٹ پروف پنجرے میں بیٹھ کر خوف سے کانپنے والا شخص قوم اور نوجوانوں کو خوف کے بت توڑنے کا بھاشن دے رہا بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

صدر مملکت سی ڈی اے کی جانب سے ملازمہ کو رہائشی کوارٹر کی الاٹمنٹ میں صنفی امتیاز برتنے پر شدید برہم

ڈاکٹر عارف علوی نے وفاقی محتسب کے احکامات کے خلاف سی ڈی اے کی درخواست مسترد کر دی

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے کیپیٹل ڈیولپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) کی جانب سے ملازمہ کو رہائشی کوارٹر کی الاٹمنٹ میں صنفی امتیاز برتنے پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے وفاقی محتسب کے احکامات کے خلاف سی ڈی اے کی بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

قائمہ کمیٹی برائے مذہبی امور اور بین المذاہب ہم آہنگی نے متفقہ طور پر "قرآن پاک کی اشاعت (چھپائی اور ریکارڈنگ کی غلطیوں کا خاتمہ) (ترمیمی) بل منظوری دیدی

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے مذہبی امور اور بین المذاہب ہم آہنگی نے متفقہ طور پر "قرآن پاک کی اشاعت (چھپائی اور ریکارڈنگ کی غلطیوں کا خاتمہ) (ترمیمی) بل 2022 کی منظوری دیدی۔ قرآن پاک کے صفحات اور متن کو صحیح طریقے سے تیار کرنے کے ساتھ ساتھ غیر معیاری کاغذ پر قرآن پاک بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

لاہور: وفاقی وزیر ریلوے خواجہ سعد رفیق پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

دہشتگردی مقدمات، عمران خان سمیت 17 رہنما طلب کر لئے گئے

اسلام آباد (این این آئی) محکمہ انسداد دہشت گردی (سی ٹی ڈی) نے دہشتگردی کے مقدمات میں عمران خان سمیت 17 رہنماؤں کو طلب کر لیا۔ محکمہ انسداد دہشت گردی کی جانب سے پی ٹی آئی کی قیادت کو دہشت گردی کے 2 مقدمات میں شامل تفتیش ہونے کے لیے حکم نامہ بھجوایا گیا ہے۔ پارٹی چیئرمین عمران بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: وفاقی وزیر خزانہ اسحاق ڈار اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

رواں سال چین کا عالمی ترقی میں حصہ ایک تہائی ہوگا، آئی ایم ایف

عالمی معیشت کے لیے خوش آئند ہے، ہمیں توقع ہے کہ 2023 ایک اور چیلنجنگ سال ہوگا، جس میں عالمی شرح نمو 3 فیصد سے بھی کم ہو جائے گی

آئی ایم ایف چیئرمین کی قریب ہے گرانی جاری رکھنے کا سب سے زیادہ کمزور ممالک پر گہری توجہ دے، ڈائریکٹر کرسٹالینا جارجیوا

اسلام آباد (این این آئی) آئی ایم ایف کی مینیجنگ ڈائریکٹر کرسٹالینا جارجیوا نے کہا ہے کہ چینی معیشت کی زبردست بحالی ہوئی ہے اور آئی ایم ایف کی جنوری کی پیش گوئی کے مطابق رواں سال اس کی جی ڈی پی نمو 2.5 فیصد ہے جو 2022 کی شرح سے 2 فیصد پوائنٹس زیادہ ہے۔ چائنا اکنامک نیٹ کے مطابق چائنا ترقیاتی فورم 2023 کے دوران انہوں نے کہا کہ مضبوط بحالی کا مطلب ہے کہ چین کا 2023 میں عالمی ترقی میں حصہ تقریباً ایک تہائی ہوگا جو عالمی معیشت کیلئے خوش آئند بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

وفاقی کابینہ نے حکومت بلوچستان کا ریکوڈک پروجیکٹ حصہ دینے کی منظوری دیدی

مالیاتی سہولت پر مارک اپ کی مد میں 6 ارب 23 کروڑ 83 لاکھ 58 ہزار 879 روپے فراہم کرنے کی منظوری دیدی

اسلام آباد/کوئٹہ (این این آئی) وفاقی کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی (ای سی سی) نے ریکوڈک پراجیکٹ کے تصفیے میں حکومت بلوچستان کے حصے کے طور پر 31 مارچ 2022 سے 30 دسمبر 2022 تک کی مدت کے لیے نیشنل بینک آف پاکستان کو مختصر مدت کے 65 ارب بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

بلوچستان اسمبلی: زیارت ویلی ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے قیام کا مسودہ قانون منظور

صوبے میں زکوۃ کی مد میں 2 ارب روپے کی رقم موجود ہے مگر سیکرٹری مذہبی امور اسے ریلیز نہیں کر رہے، ضلعی انتظامیہ گراں فروشی کے خلاف کارروائیاں کر رہی ہے

بلوچستان اسمبلی نے زیارت ویلی ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے قیام کا مسودہ قانون منظور کر لیا جبکہ زکوۃ کی رقم ریلیز نہ کرنے پر اسپیکر نے متعلقہ محکمے کے سیکرٹری کو بدھ کو قائمہ کمیٹی میں طلب کر لیا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی نے زیارت ویلی ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے قیام کا مسودہ قانون منظور کر لیا جبکہ زکوۃ کی رقم ریلیز نہ کرنے پر اسپیکر نے متعلقہ محکمے کے سیکرٹری کو بدھ کو قائمہ کمیٹی میں طلب کر لیا، ارکان کا غیر حاضر وزراء کو استحقاق کمیٹی میں بلانے کا مطالبہ۔ بلوچستان اسمبلی کا اجلاس پیر کو اسپیکر میر جان محمد جمالی کی زیر صدارت 30 منٹ کی تاخیر سے شروع ہوا۔ اجلاس میں پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے رکن نصر اللہ زیرے نے پوائنٹ آف آرڈر پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ صوبے میں زکوۃ کی مد میں 2 ارب روپے کی رقم موجود ہے مگر سیکرٹری مذہبی امور اسے ریلیز نہیں کر رہے۔ انہوں بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

انتخابات صوبے کی عوام کے بنیادی حقوق کا معاملہ ہے، چیف جسٹس

پنجاب کے پی انتخابات معاملہ، سپریم کورٹ نے الیکشن کمیشن اور گورنرز کو بذریعہ چیف سیکرٹری نوٹس جاری کر دیا

الیکشن کمیشن صدر کی دی گئی تاریخ ختم کر سکتا ہے، آرٹیکل 254 آئین کی خلاف ورزی کی اجازت نہیں دیتا، چیف جسٹس

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے دعویوں، پنجاب اور خیبرپختونخوا میں انتخابات ملتوی کرنے کیخلاف پاکستان تحریک انصاف کی درخواست سماعت کے دوران استفسار کیا ہے کہ کیا الیکشن کمیشن صدر کی دی گئی تاریخ ختم کر سکتا ہے؟ آرٹیکل 254 آئین کی خلاف ورزی کی اجازت نہیں دیتا، بھی تاریخ میں الیکشن کی تاریخ بڑھانے کی مثالیں موجود ہیں، بے نظیر بھٹو کی شہادت پر بھی الیکشن تاخیر سے ہوئے، انتخابات صوبے کی عوام کے بنیادی حقوق کا معاملہ ہے، اہم ایشوز اس کیس میں شامل ہیں جس میں سے فیصلے عملدرآمد بھی ایک معاملہ ہے جبکہ عدالت عظمیٰ نے انتخابات ملتوی کرنے پر الیکشن کمیشن اور گورنرز کو بذریعہ چیف سیکرٹری نوٹس جاری کر دیا۔ پیر کو پاکستان تحریک انصاف کی درخواست پر سماعت چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس عمر عطا بندیال کی سربراہی میں سپریم کورٹ کا پانچ رکنی بینچ اس درخواست پر سماعت کی۔ بینچ میں شامل دیگر ججز صاحبان میں جسٹس اعجاز الاحسن، بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

جسٹس منصور اور جسٹس مندوخیل کا فیصلہ ہمارے بیانیے کی جیت ہے، مریم نواز

عمران خان کی کرپشن اور انہیں سہولت دینے والوں کے بارے میں حقائق بھی عوام کے سامنے کی حکمت عملی تیار کر لی گئی

مسلم لیگ (ن) کا نواز شریف کیخلاف غیر منصفانہ، انتقامی فیصلے اور گواہیاں عوام کے سامنے لانے کا فیصلہ، سینئر نائب صدر

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) نے سابق وزیر اعظم و پارٹی قائد نواز شریف کے خلاف غیر منصفانہ اور انتقامی فیصلے اور گواہیاں عوام کے سامنے لانے کا فیصلہ کر لیا، عمران خان کی کرپشن اور انہیں سہولت دینے والوں کے بارے میں حقائق بھی عوام کے سامنے کی حکمت عملی تیار کر لی گئی، اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ عمران خان کے دور میں ملک کیسے معاشی طور پر تباہ ہوا اس حوالے سے عوام کو بتایا جائے گا۔ مسلم لیگ (ن) کی سینئر نائب صدر و چیف آرگنائزر مریم نواز کی زیر صدارت پارٹی ترجمانوں کا اجلاس ہوا جس میں مجموعی سیاسی صورتحال پر تبادلہ اور آئندہ کے حوالے سے حکمت عملی بارے مشاورت کی گئی۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ عمران خان کو سہولت دینے والوں اور عمران خان کی ہر طرح کی کرپشن اور بدعنوانیوں کو ہر سطح پر سامنے لایا جائے گا، عمران خان کے حوالے سے تمام حقائق کو قوم کو سامنے لایا جائے گا جس کے لئے تمام ترجمانوں کو ذمہ داریاں تفویض کر دی گئیں۔ اجلاس میں پارٹی پالیسی کو بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

فلسطینیوں اور کشمیریوں پر مظالم کے خلاف امت مسلمہ کو اب عملی اقدام اٹھانے ہوں گے، حافظ طاہر اشرفی

اسلامی ممالک کی مضبوطی کیلئے ضروری ہے کہ فرقہ وارانہ اور بیرونی مداخلتیں بند ہوں، چیئرمین علماء کونسل

اسلام آباد (این این آئی) فلسطینیوں اور کشمیریوں پر مظالم کے خلاف امت مسلمہ کو اب عملی اقدام اٹھانے ہوں گے، فلسطین اور کشمیر کے مسئلہ پر اسلامی تعاون تنظیم کا موقف واضح ہے، رمضان المبارک کی آمد کے ساتھ ہی فلسطین اور کشمیر میں مظالم کا سلسلہ بڑھ جاتا ہے، ایران، سعودی عرب تعلقات کی بحالی امت مسلمہ کیلئے خیر کی خبر ہے، اسلامی ممالک کی مضبوطی کیلئے ضروری ہے کہ فرقہ وارانہ اور بیرونی مداخلتیں بند ہوں۔ یہ بات چیئرمین پاکستان علماء کونسل حافظ محمد طاہر محمود اشرفی نے ذرائع ابلاغ سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ امت مسلمہ کو اب فلسطین اور کشمیر کے مسئلہ پر عملی طور بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان کے ہمراہ ملک عادل خان بازئی اور ملک شہباز خان بازئی کا گروپ

نواز شریف پاکستان کے مستقبل اور ترقی کے ضامن ہیں، سردار محمد یوسف

بیرسٹر امجد ملک نے جدید خطوط پر مسلم لیگ (ن) اوورسیز انٹرنیشنل افیئرز کو مربوط اور ہم آہنگ کیا ہے، سابق وفاقی وزیر مذہبی امور

سردار محمد یوسف نے بطور وزیر مذہبی امور بہترین خدمات سرانجام دیں، لوگ آج بھی دعائیں دیتے ہیں، بیرسٹر امجد ملک کا اظہار خیال

ریاض (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما اور سابق وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف نے کہا ہے کہ نواز شریف پاکستان کے مستقبل اور ترقی کے ضامن ہیں، نواز شریف جلد واپس آئیں گے تفصیلات کے مطابق سابق وفاقی وزیر حج سردار محمد یوسف کی مدینہ منورہ آمد کے موقع پر ان کے اعزاز میں پروقار تقریب اور عشائیہ کا اہتمام کیا گیا جس کے میزبان مسلم لیگ (ن) کے چیف کوآرڈینیٹر اور سیز انٹرنیشنل افیئرز بیرسٹر امجد ملک تھے۔ تقریب میں شیخ سعید بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

افغان وزارت خارجہ کے قریب بم دھماکہ، چھ افراد زخمی، تین طالبان سمیت کئی زخمی

کابل (این این آئی) افغان وزارت خارجہ کے قریب ایک بم دھماکے میں چھ افراد جاں بحق اور کئی زخمی ہو گئے۔ کابل پولیس کے ترجمان خالد زدران نے بتایا کہ ایک خودکش حملہ آور وزارت خارجہ کے قریب ایک مارکیٹ میں چیک پوسٹ تک پہنچنا چاہتا تھا لیکن سیکیورٹی فورسز نے ان کو نشانہ بنایا۔ خودکش حملہ آور کے بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

پولیس تھانہ نیو سریاب کوئٹہ نے کارروائی کر کے بچے کے ساتھ جنسی زیادتی کرنے والے شخص کو گرفتار

کوئٹہ (آن لائن) پولیس تھانہ نیو سریاب کوئٹہ نے کارروائی کر کے بچے کے ساتھ جنسی زیادتی کرنے والے شخص کو گرفتار کر لیا ڈی آئی جی کوئٹہ غلام اظفر مہیسر اور ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ زوہیب محسن کی ہدایت پر زیر نگرانی ایس پی سریاب ضیاء مندوخیل ڈی ایس پی شالکوٹ خلیل کاکڑ ایس ایچ او انچارج محمد سالانی بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

عمران خان کا سیاسی مفاہمت اور سیاستدانوں کی بات چیت سے متعلق سوال پر جواب دینے سے گریز

خواہش ہے دونوں رہیں، اگر رانا ثناء کہہ رہے ہیں تو میں یہی کہوں گا وہ نہیں رہیں گے

اگر آج نامعلوم پیچھے ہو جائیں تو یہ حکومت ختم ہو جائے، عمران خان کا رانا ثناء اللہ کے بیان بارے سوال پر جواب

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان نے سیاسی مفاہمت اور سیاستدانوں کی بات چیت سے متعلق سوال پر جواب دینے سے گریز کیا۔ پیر کو ہائیکورٹ میں کیس کی سماعت کیلئے عمران خان کو بلٹ پروف جیکٹ کی اوٹ میں کمرہ عدالت پہنچایا گیا۔ اس موقع پر غیر رسمی گفتگو کے دوران ایک صحافی نے سوال کیا کہ خان صاحب ملک میں فیصلے کون کر رہا ہے؟، جواب میں عمران خان نے کہا کہ یہ ایسا سوال ہے جس کا جواب سب کو معلوم ہے۔ صحافی نے بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

ہمیں عدالتوں کے فیصلے تسلیم کرنے کی روایت ڈالنی چاہیے، سینیٹ

پی ٹی آئی کا پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس کا بائیکاٹ ختم، قائد حزب اختلاف حکومت پر برس پڑے

الیکشن کمیشن کے فیصلے کا چاند آدھی رات کو طلوع ہوا جو قوم کیلئے تاریکی لیکر آیا، شہزاد وسیم کی تنقید

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ میں قائد حزب اختلاف اور پاکستان تحریک انصاف کے سینیٹر سینیٹر شہزاد وسیم نے وفاقی حکومت اور الیکشن کمیشن پر شدید تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ قوم رمضان کا چاند دیکھنے میں مصروف تھی کہ آدھی رات کو الیکشن کمیشن کے فیصلے کا چاند طلوع ہوا جو قوم کیلئے تاریکی لیکر آیا، ہم محترمہ شہید کی شہادت دیکھ چکے، آپریشن رد الفساد دیکھ چکے، دہشت گردی کا عروج دیکھ چکے، پھر بھی الیکشن ہوئے، آپ اپنا کام ٹھیک کریں، سب آپ کی عزت کرتے ہیں، کام ٹھیک نہ کریں تو تنقید ہوتی ہے، اگر ہم پارلیمنٹ میں آئین کی پابندی نہیں کریں گے تو ریاست کیسے چلے گی ہمیں عدالتوں کے فیصلے تسلیم کرنے کی روایت ڈالنی چاہیے۔ پیر کو پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس میں پاکستان تحریک انصاف کے سینیٹرز بھی شریک ہوئے جس میں بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

ایران نے 36 غیر قانونی پاکستانی تارکین وطن کو ملک بدر کر دیا، لیویز حکام

ڈی پورٹ کیے جانے والوں میں 12 کا تعلق پنجاب، 18 کا سندھ، 5 کا خیبرپختونخوا اور ایک کا تعلق بلوچستان سے ہے

تفتان (این این آئی) ایرانی حکام نے مزید 36 غیر قانونی پاکستانی تارکین وطن کو ملک بدر کر دیا لیویز کے مطابق لیویز حکام نے بتایا کہ غیر قانونی تارکین وطن کو ضلع چاغی کے قریب میر جاوہ تفتان راہداری گیٹ پر لیویز حکام کے حوالے کیا گیا، رپورٹ کے مطابق ڈی پورٹ کیے جانے والوں میں 12 کا تعلق پنجاب، 18 کا سندھ، 5 کا خیبر پختونخوا اور ایک کا تعلق بلوچستان سے ہے حکام نے بتایا کہ ابتدائی پوچھ گچھ کے مطابق تارکین وطن بہتر معاشی ذرائع کی تلاش کے لیے قانونی بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

امید ہے عدالت کی ہدایت پر حکومت بھی عمل کرے گی، پی ٹی آئی

پورے پاکستان کی نظریں اس کیس پر لگی ہوئی ہیں، سب پر ذمے داری عائد ہوتی ہے، شاہ محمود قریشی

انتخابات کیلئے مل بیٹھ کر بات کر سکتے ہیں، حکومت کی نیت میں خلل ہے، اسد عمر کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اسد عمر نے کہا ہے کہ چیف جسٹس نے بالکل صحیح مشاہدہ کیا ہے، ان کے الفاظ ہیں کہ ماحول شفاف الیکشن والا نظر نہیں آرہا، امید ہے عدالت کی ہدایات پر حکومت بھی عمل کرے گی۔ پیر کو سپریم کورٹ کے باہر فواد چوہدری اور شاہ محمود قریشی کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اسد عمر نے کہا کہ یہاں ایک سابق وزیر اعظم کے خلاف مقدمات کی سنچری مکمل کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ عدالت نے کمٹمنٹ مانگی ہے کہ شفاف الیکشن کے لیے ماحول بھی فراہم کیا جائے، امید ہے کورٹ کی ہدایات پر حکومت بھی عمل کرے گی۔ اسد عمر نے کہا کہ رانا ثناء اللہ کے خلاف سارے مقدمات نیب کے تھے اور نیب کا سب کو معلوم ہے، ہمارے دور حکومت میں کسی پر مقدمات نہیں بنائے گئے۔ انہوں نے کہا کہ بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

پاکستان میں چین کی انٹرکراپنگ ٹیکنالوجی کے تحت مکئی اور سویا کی بوائی مکمل

رواں سیزن میں اس ٹیکنالوجی کے تحت ملک بھر میں زیر کاشت کل رقبہ 1,100 ایکڑ سے زائد ہے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں مکئی اور سویا بین کی پٹی کی انٹرکراپنگ ٹیکنالوجی کے تحت موسم بہار کی بوائی مکمل کر لی گئی، یہ چین کی طرف سے ایک اعلیٰ پیداوار دینے والا حل ہے اور پاکستان کے مقامی حالات کے مطابق نوجوان پاکستانی سائنسدانوں کی طرف سے بہتر بنایا گیا ہے۔ اسلامیہ یونیورسٹی آف بہاولپور کے نیشنل ریسرچ سینٹر آف انٹرکراپنگ (این آر سی آئی) کے مطابق اس سیزن میں اس ٹیکنالوجی کے تحت ملک بھر میں زیر کاشت کل رقبہ 1,100 ایکڑ سے زائد بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

دالبندین میں چور ایک دوکان کی چھت سے نقب لگا کر 12 لاکھ روپے نقدی و دیگر سامان لے اڑے

دالبندین (این این آئی) دالبندین میں چوری کی وارداتوں میں اضافہ، گزشتہ رات دالبندین مسجد روڈ پر چوروں ایک دوکان کو چھت سے نقب لگا کر 12 لاکھ روپے نقدی و دیگر سامان لے اڑے۔ ذرائع کے مطابق دالبندین شہر اور مضافات میں چوری کی وارداتوں میں بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

گوادر میں چین پاکستان گورنمنٹ مڈل سکول فقیر کالونی 550 لڑکیاں زیر تعلیم ہیں، گوادر پورٹ حکام

سکول کی ترقی میں چین کی شراکت نے چین اور مقامی کیمونٹی کے درمیان خلیج کو ختم کرنے میں مدد کی ہے

گوادر (این این آئی) گوادر میں لڑکیوں کی تعلیم کے فروغ کے لیے چین پاکستان گورنمنٹ مڈل سکول فقیر کالونی اہم ذریعہ، 550 لڑکیاں یہاں زیر تعلیم ہیں، پورٹ حکام: چین پاکستان اقتصادی راہداری منصوبے کے تحت گوادر میں لڑکیوں کی تعلیم کے فروغ میں چین پاکستان گورنمنٹ مڈل سکول فقیر کالونی اہم ذریعہ ثابت ہوا ہے، اس وقت تقریباً 550 لڑکیاں اس سکول میں تعلیم حاصل کر رہی ہیں، ایک چینی کمپنی کے تعاون سے 30 نئے کمپیوٹرز کے ساتھ حال ہی میں قائم بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

اوتھل پولیس کی کارروائی اشتہاری ملزم کو گرفتار

اوتھل (نامہ نگار) اوتھل پولیس کی کارروائی اشتہاری ملزم گرفتار کر لیا گیا۔ اوتھل پولیس کے پریس ریلیز کے مطابق ایس ایس پی لسبیلہ ایوب اچکزئی کی خصوصی ہدایت پر کہ جرائم پیشہ افراد پر کڑی نگاہ رکھی جائے جس پر ایس ایچ او اوتھل یار محمد کمانڈو نے پولیس پارٹی بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

کوئٹہ کے بیشتر علاقوں میں گیس کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ اور پریشر میں کمی کا مسئلہ برقرار ہے

ڈھائی کلو کا سلنڈر 600 جبکہ 5 کلو ایل پی جی گیس کا سلنڈر 1200 روپے مہنگا کر دیا گیا

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ کے بیشتر علاقوں میں گیس کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ اور پریشر میں کمی کا مسئلہ برقرار ہے، ایل پی جی گیس کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ کر دیا گیا، ڈھائی کلو کا سلنڈر 600 جبکہ 5 کلو ایل پی جی گیس کا سلنڈر 1200 روپے مہنگا کر دیا گیا جس سے شہریوں کی مشکلات میں مزید بڑھ گئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے بیشتر علاقوں میں سوئی گیس کی غیر اعلانیہ بندش اور پریشر میں کمی کا مسئلہ برقرار ہے جس کی بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: سینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ہم ملک میں جوتے کھانے کیلئے پیدا نہیں ہوئے، خواجہ سعد رفیق

فریٹ ٹرینوں کے کرایوں کے میں 10 سے 15 فیصد کمی کر رہے ہیں، عید الفطر سپیشل ٹرینیں چلائی جائیں گی

جمہوریت کو صرف اسٹیبلشمنٹ، عدلیہ کے بعض لوگ کمزور نہیں کرتے سیاستدان بھی کرتے ہیں، وزیر ریلوے کی پریس کانفرنس

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر ریلوے خواجہ سعد رفیق نے کہا ہے کہ جمہوریت کو صرف اسٹیبلشمنٹ یا عدلیہ کے بعض لوگ کمزور نہیں کرتے بلکہ سیاستدان بھی کرتے ہیں، جب وہ آپس میں بے رحمی کے ساتھ لڑتے ہیں اور اقتدار کیلئے پارلیمنٹ جیسے اداروں پر بھی پل پڑتے ہیں، جو عوام کے حقوق کا تحفظ کرتے ہیں، ایسے نہیں ہوگا کہ آپ گزشتہ سے پیوستہ کی بات نہ کریں، آپ کو ملک کو 2017 کی پوزیشن پر واپس لے کر جانا ہوگا، جو آپ کہیں گے وہی ہوگا بالکل بھی ایسا نہیں ہوگا، آج پھر کہہ رہے ہیں عمران خان کو واپس لے کر آؤ، نواز شریف کو بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

عمران خان کے فوٹوگرافر نعمان جی سمیت 3 شہریوں کو پولیس نے حراست میں لے لیا، شیریں مزاری کا دعویٰ

اسلام آباد (این این آئی) پی ٹی آئی رہنما شیریں مزاری نے دعویٰ کیا ہے کہ عمران خان کے فوٹوگرافر نعمان جی سمیت 3 دیگر شہریوں کو پولیس نے اسلام آباد ہائی کورٹ جاتے وقت حراست میں لے لیا۔ انہوں نے اپنی ٹوئٹ میں لکھا کہ یہ 4 غیر مسلح شہری، جن میں سے ایک ہمارا آفیشل فوٹوگرافر ہے، عمران خان کی گاڑی کے بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

لاہور: مسلم لیگ (ن) کے رکن قومی اسمبلی الحاج شیخ روحیل اصغر کی جانب سے محفل میلاد اور افطار ڈنر کے موقع پر خطاب کر رہے ہیں

روزنامہ Daily SHAL شال کوئٹہ
www.dailyshal.com

اداریہ EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین و خبریں۔ shalquetta@gmail.com

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر یہ ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

28 مارچ 2023ء

طور بادوزئی ڈیم سے 17000 ایکڑ اراضی سیراب ہوگی

طور بادوزئی ڈیم سے 17000 ایکڑ اراضی سیراب ہورہی ہے، اس کی تعمیر پر 4 ارب 64 کروڑ روپے کی لاگت ائی ہے جس میں ڈیم کے علاوہ 11 کلومیٹر روڈ اور 2 بڑے پل بھی تعمیر ہوئے ہیں گزشتہ مون سون بارشوں سے ڈیم کو نقصان پہنچا جس کی دوبارہ مرمت کا کام مذکورہ ٹھیکیدار پورا کریگا، کیونکہ تاحال اسکی تعمیر مکمل نہیں ہوئی حکومت محکمہ ایریگیشن کے توسط سے صوبے میں ڈیمز کی تعمیر یقینی بنا کر زرعی شعبے میں انقلاب لانے کیساتھ ساتھ لوگوں کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی اور زیر زمین گرتی ہوئی پانی کی سطح کو ریچارج کرنے کے علاوہ ہزاروں ایکڑ اراضی کو سیراب کرنے کیلئے کام کررہے ہیں مذکورہ ڈیم گزشتہ مون سون بارشوں کے دوران سیلابی ریلوں کی وجہ سے اوور فلو ہوا تھا جسکی وجہ سے اوور فلو متاثر ہوا اور مذکورہ ڈیم کی تعمیر کے حوالے سے کنسلٹنٹ نے جو رپورٹ دی تھی کہ ڈیم تین سال میں بارشوں کے پانی سے بھرے گا لیکن بارشیں زیادہ ہونے کی وجہ سے مذکورہ ڈیم ایک سال میں ہی بھر گیا اور ڈیم میں گنجائش سے زیادہ پانی آنے کے باعث اسکا اوور فلو متاثر ہوا، ماہرین اور دیگر حکام کے مطابق ڈیم کی تعمیر اور کام کا معیار بہتر تھا لیکن اوور فلو کی وجہ سے کچھ مسئلہ پیدا ہوا تھا اس لئے سپیل وے کو 9 فٹ نیچے کرکے ڈیم سے پانی کے اخراج کو ممکن بنا کر ڈیم کو نقصان پہنچنے سے بچایا ڈیمز کی تعمیر پر 4 ارب 64 کروڑ روپے لاگت آئی ہے، اس فنڈ سے 11 کلومیٹر روڈ اور دو بڑے پلوں کی تعمیر بھی ممکن بنائی گئی ہے، اور اس ڈیم کی تعمیر اور پانی کے ذخیرہ ہونے سے علاقے کی 17 ہزار ایکڑ اراضی سیراب ہوگی جس سے علاقے میں زرعی انقلاب برپا ہوگا اور لوگوں کو زراعت کیساتھ ساتھ مالداری، پینے کے صاف پانی کی فراہمی بھی ممکن بنے گی۔

کشمیر کی معدوم ہوتی سیاحت، حکومت، محکمہ سیاحت کی بے حسی

سہیل سعید خان

یہ نور کا مسکن، ستاروں کی زمیں ہے
یہ ارض وطن، خطہ فردوس بریں ہے

مغل شہنشاہ اورنگ زیب عالمگیر نے کہا تھا کہ کشمیر زمین پر جنت ہے۔ اگر یوں کہا جائے کہ اللہ تعالیٰ کے تخلیق کردہ خوبصورت شاہکاروں میں سے ایک شاہکار جموں و کشمیر ہے جہاں پر خوبصورت پہاڑ، سرسبز دلہلاتے کھیت، ندی نالے، چشمے اور خوبصورت وادیاں، پھولوں کے باغ ہیں۔ جموں و کشمیر کی بیش بہا خوبصورتی کو دیکھ کر بالکل ایسا گماں ہوتا ہے جیسے دُنیا میں جنت کا ٹکڑا اُتر آیا ہو۔ یہاں کے سبزے، پھولوں سے لہلہاتی حسین دلکش وادی، پہاڑوں کی خوبصورتی میں لپٹی پرکشش جھیلیں، موسموں کے دلکش نظارے اور پھولوں و پھلوں کی نعمتیں اس وادی کو جنت کہنے پر مجبور کرتی ہیں۔ یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ کشمیر اپنی قدرتی خوبصورتی اور دلکش نظاروں کی وجہ سے پوری دنیا میں منفرد مقام اور حیثیت رکھتا ہے اور جو کوئی بھی ایک مرتبہ کشمیر کی سیاحت کرلیتا ہے تو کشمیر کی خوبصورتی اس کا من موہ لیتی ہے اور وہ بار بار یہاں کی سیر کیلئے آنے کی چاہت رکھتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ کشمیر کی سیر کیلئے ہر سال لاکھوں سیلانی آتے ہیں۔ آزاد کشمیر میں باغبانی، زراعت، صنعت و حرفت جیسے شعبوں کے ساتھ ساتھ سیاحت کا شعبہ اقتصادیات کے استحکام میں کافی اہمیت کا حامل ہے۔ معیشت کے اعتبار سے سیاحت کا شعبہ ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے۔ یوں تو نیلم ویلی میں بہت سارے سیاحتی مقامات ہے۔ مگر وادی سرگن، گھموٹ، نوری ٹاپ، شونٹھر، رتی گلی، سمیت ایسے کئی سیاحتی مقامات ہیں جو حکومت کی عدم توجہی کے شکار ہیں، اور ان میں چھپارہ، تھنچیل پارک، دلہن وادی لیپہ، راولاکوٹ، پیر چناسی، شہید گلی سمیت آزاد کشمیر قلعے میرپور، مظفرآباد، سمیت دیگر اضلاع وغیرہ شامل ہیں۔ یہ علاقے بھی کسی سے کم نہیں ہیں۔ جہاں سیاح لطف اندوز ہونے کے لئے آتے ہیں۔ ریاستی اور باہر سے بھی لوگ لطف اندوز ہونے کے لئے یہاں آتے ہیں۔ مقامی لوگوں کا کہنا ہے حکومتوں نے کہا تھا کہ مگر اس کے بعد یہاں کی طرف کوئی توجہ نہیں دی گئی۔ جن پر محکمہ سیاحت کوئی توجہ نہیں دے سکا اور نہ ہی کوئی لائحہ عمل اور مستقبل کا کوئی واضح پلان ہے، افسوس کا مقام ہے کہ یہ تمام سیاحتی مقامات حکومت اور محکمہ سیاحت کی نظروں سے اوجھل ہیں۔ ان علاقوں میں سڑکوں کی حالت ناگفتہ بہ ہے، بجلی کا کوئی نظام نہیں حکومت کی طرف سے آئے روز بڑے بڑے دعوے اور وعدے کئے جاتے ہیں کہ کے سیاحتی مقامات، سیاحت کی ترقی اور سیاحت کے شعبے میں انقلاب لایا جائے گا مگر بدقسمتی سے یہ صرف دعوے ہیں مگر دعوے اور وعدے صرف کھوکھلے ثابت ہورہے ہیں۔ اس سے قبل سیاحت کا اور بھی برا حال تھا 2009 میں ایم کیو ایم سے تعلق رکھنے والے وزیر سیاحت محمد طاہر کھوکھر نے آزاد کشمیر میں سیاحت کے فروغ اور آزاد کشمیر میں سیاحت اور اندرون و بیرون ملک سے سیاحوں کو آزاد کشمیر لایا اور آزاد کشمیر کے سیاحتی مقام کو متعارف کروایا، سیاحت کی سرکاری گیسٹ ہاؤسز سے قبضہ چھڑوایا جن پر کچھ سیاسی لوگ قابض تھے، اس کے علاوہ ایوان سیاحت کی تعمیر بھی کروائی جو آج بھی دارالخلافہ کی ایک شان ہے، ان کے سیاحت کے لئے کارنامے لازوال ہیں مگر ان کے بعد سیاحت کے لئے کوئی بھی اقدامات نہیں اٹھائے جاسکے ہیں۔ آج تک جتنی بھی پارٹیاں اقتدار میں آئی ہیں سب نے بڑے بڑے دعوے کیے تھے کہ سرکار بننے کے فوراً بعد ہی سیاحتی مقام نقشے میں ضرور تبدیلی لائیں گے، سیاحت کو انڈسٹری کا درجہ دیں گے، لیکن آج تک سرکار بننے کے بعد کسی بھی حکومت نے اپنے وعدے وفا نہیں کیے۔ اگر سیاحتی ترقی کے لیے ٹھوس اقدامات کیے جائیں اور حقیقی معنوں میں سیاحت کو انڈسٹری کا درجہ دیا جائے تو بے روزگار نوجوانوں کو روزگار ملے گا ریاست میں کاروبار میں اضافہ ہوگا اور ریاست خوشحال ہوگی۔ کتنی سرکاریں آئی اور کتنی بدل گئیں مگر سیاحتی ڈھانچہ نہیں بدل سکا اور ویسا کا ویسا ہی رہ گیا۔ آخر کب ریاست کے خوبصورت مقامات کو سیاحتی نقشے پر لایا جائے گا یہ ایک بہت بڑا سوال ہے۔ سیاحوں کا کہنا ہے کہ آزاد کشمیر میں جتنے بھی سیاحتی مقامات ہیں، انتہائی خوبصورت ہیں وہ کسی بھی اعتبار سے کشمیر سے کم نہیں ہیں مگر رابطہ سڑک اور بنیادی سہولیات نہ ہونے کی وجہ سے یہاں سیاح نہیں آسکتا ہیں۔ کیوں کہ نہ رہنے کی سہولیات ہے اور نہ ہی کھانے پینے یہاں دستیاب ہیں۔ اگر یہ سہولیات ان سیاحتی مقامات پر دستیاب ہوتیں تو سیاحوں کو کوئی پریشانی نہیں ہوتی۔ اگر حکومت ان علاقوں کی طرف توجہ دیتی تو یہاں پڑھے لکھے بے روزگاروں کو بھی روزگار فراہم ہوتا۔ آزاد کشمیر کے علاقے قدرتی حسن سے مالا مال لیکن حکومت اور محکمہ سیاحت کی نظروں سے اوجھل ہر طرح کی سہولیات سے محروم ہے۔ سیاحوں کا کہنا ہے کہ رات کے قیام کا کوئی انتظام نہیں جبکہ گیسٹ ہاؤس تعمیر ہونے چاہیے، رابطہ سڑک تک نہیں، بیمار کے علاج کا بھی کوئی بندوبست نہیں میڈیکل اہم ضرورت ہے سڑکیں خستہ حال ہیں، ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہیں بدقسمتی سے خطہ کشمیر کی حسین وادی حکومتی سہولیات کا انتظار کر رہی ہے اور اگر تمام سہولیات کو دستیاب کیا جاتا ہے تو بے روزگاروں کو بھی روزگار پیدا کرنے کے مواقعے دستیاب ہو جائیں گے۔ کشمیر میں ایسے خوبصورت مقام ہیں جو حکومت اور محکمہ سیاحت کی نظروں سے اوجھل ہیں ان علاقوں کی سڑکیں خستہ حالی کا شکار ہے۔ رہائش کے لئے انتظام نہیں ہے۔ جس سے سیاحوں کو سخت مشکلات کا سامنا کرنے پڑتا ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ حکومت سیاحتی مقامات کے خوبصورت اور صحت افزا سیاحتی مقامات کو سیاحتی نقشے پر لاکر مقامی نوجوانوں کیلئے روزگار کے مواقعے اور سیاحوں کیلئے بہتر سہولیات کا انتظامات کرے جو کہ وقت کا تقاضا اور اہم ضرورت ہے۔ جہاں محکمہ سیاحت کو اپنے کام کاج میں مزید نکھار اور بہتری لانے کی ضرورت اور سیاحتی مقامات کی طرف سیاحوں کو راغب کرنے کیلئے اپنا کلیدی رول ادا کریں۔ حکومت محکمہ سیاحت کا، سیاحت کے شعبے کو ترقی کیلئے سنجیدگی کا مظاہرہ کرنا وقت کا تقاضا ہے۔
کشمیر کے نوجوان ہر شعبے میں قابل ہیں، اور انہیں اپنے مستقبل کے لئے مزید مواقعے اور راستوں کی ضرورت ہے۔ اس وقت نوجوانوں میں بے روزگاری نے منشیات کی شدید لعنت کا باعث بنی ہے اور اسے روکنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر حکومت ان کے لئے مزید راستے پیدا کرنے میں ناکام رہی تو تباہی ہوگی۔ کشمیر میں بڑھتی ہوئی بے روزگاری کو سنجیدگی سے لینا ہوگا۔ پوری دنیا اس وقت سیاحت پر نہ صرف توجہ دے رہی ہے بلکہ اس کو انڈسٹری کا درجہ حاصل ہے مگر کشمیر میں بدقسمتی سے نالائق، ناتجربہ کار، بیوروکریسی، نالائق حکمرانوں کی بھینٹ چڑھ گئی ہے جو دن بدن معدوم ہوتی جارہی ہے۔

دروغ گو را حافظہ نباشد

حامد ولید

یہ فارسی کی کہاوت ہے جس کا ترجمہ ہے کہ جھوٹ بولنے والے کا حافظہ نہیں ہوا کرتا۔ گزشتہ شام اپنے ٹی وی خطاب میں انہوں نے کہا کہ آئی جی پنجاب اور آئی جی اسلام آباد اور ان کے ہینڈلرز نے انہیں مرتضیٰ بھٹو کی طرح قتل کرنے کا منصوبہ بنایا ہے جس کے تحت وہ آج یا کل زمان پارک میں واقع ان کی رہائش گاہ پر دھاوا بولیں گے اور کارکنوں کی جانب سے پولیس پر فائرنگ کروا کر جوابی فائر کرکے ان کی رہائش گاہ میں گھسنے کا جواز بنایا جائے گا جہاں انہیں مرتضیٰ بھٹو کی طرح قتل کردیا جائے گا، یہی نہیں بلکہ انہوں نے یہ انکشاف بھی کیا کہ انہیں جوڈیشل کمپلیکس اسلام آباد میں پیشی کے موقع پر بھی نامعلوم افراد نے سی ٹی ڈی والوں کی وردی پہن رکھی تھی اور انہیں پولیس والوں سے معلومات ملیں کہ کارکنوں سے تصادم کی آڑ میں انہیں وہاں مرتضیٰ بھٹو کی طرح قتل کرنا تھا۔
ہمیں فارسی کی درج بالا کہاوت اس لئے یاد آئی کہ اس سے قبل 27 جنوری کو عمران خان نے ایسے ہی ایک ٹی وی خطاب میں الزام لگایا تھا کہ آصف زرداری نے ان کے قتل کا ایک منصوبہ بنایا ہے جسے انہوں نے 'پلان سی' کا نام دیا تھا جس کے مطابق ان پر قاتلانہ حملہ کرنے کے لئے آصف زرداری نے ایک دہشت گرد تنظیم کو رقم ادا کی ہے۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ خواجے کا گواہ ڈڈو کے مترادف شیخ رشید نے طوطے کی طرح دہرایا تو پولیس نے انہیں دھر لیا اور پھر چشم فلک نے دیکھا کہ کچہری کی اینٹوں سے پاؤں اکھڑا تو وہ پولیس کے ایک جوان کے سینے پر سر رکھ کر روتے ہوئے پائے گئے۔
اس سے قبل خان صاحب ایسی ہی ایک ایف آئی آر وزیراعظم شہباز شریف، وزیر داخلہ رانا ثنا اللہ اور پاک فوج کے ایک افسر پر کٹوانے پر مصر تھے کیونکہ انہوں نے بھی ان کے قتل کا منصوبہ بنایا ہوا تھا۔ خدشہ یہ ہے کہ اگر خان صاحب کے خوف کا یہی عالم رہا تو وہ اپنے اہل خانہ کے خلاف بھی ایسا ہی بیان داغتے نظر آئیں گے، یہ الگ بات کہ ان کا قتل کا معاملہ وہی ہے جو کسی شاعر کا تھا کہ

رعائت ہم تک آجائے گی ایسا نہیں لگتا
ہمارا قتل اس کے ہاتھ سے ہوتا نہیں لگتا

دلچسپ بات یہ ہے کہ جب انہوں نے اقوام متحدہ میں اسلاموفوبیا کے خلاف تقریر کی تھی تب بھی ان کے بہی خواہ یہی پراپیگنڈہ کرتے پائے جاتے تھے کہ انہیں قتل کروا دیا جائے گا اور جب تحریک عدم اعتماد کی کامیابی کے بعد خان صاحب نے سائفر کا ڈرامہ رچایا تو بھی تحریک انصاف کے ووٹر سپورٹر کھلے بندوں کہتے پائے جاتے تھے کہ انہیں امریکہ قتل کروادے گا، حالانکہ اگر ایسا کچھ کوئی کرنا چاہے گا تو وہ سعودی ولی عہد محمد بن سلمان ہو سکتے ہیں جن کے قیمتی تحفے کو انہوں نے کوڑیوں کے بھاؤ بازار میں بیچ دیا تھا۔ خدا کا شکر ہے کہ عمران خان نے ابھی تک ان پر ایسا کوئی الزام نہیں لگایا ہے۔
خان صاحب کا معاملہ گاؤں کے اس نوجوان کا ہے جو بکریاں چرانے کے لئے گاؤں سے دور جا کر کسی درخت پر چڑھ کر زور زور سے چیخنا شروع کردیتا کہ شیر آیا، شیر آیا جس پر گاؤں کے لوگ ڈنڈوں سوٹوں سے لیس ہو کر چراگاہ کی طرف دوڑتے اور جب ہانپتے کانپتے وہاں پہنچتے تو وہ آگے سے ہنستے ہوئے کہتا کہ میں نے تو مذاق کیا تھا۔ پھر ایک دن ایسا ہوا کہ واقعی شیر آگیا، وہ بہت چیخا چلایا مگر گاؤں والوں نے ان سنی کردی کیونکہ ان کا خیال تھا کہ ہر روز کی طرح وہ آج بھی مذاق ہی کے موڈ میں ہے۔
گوجرانوالا کا وہ ذہنی معذور شخص یاد آگیا جس نے اے ٹی ایم مشین اکھاڑی تھی اور پولیس کی حراست میں اس پر تشدد ہوا تو اس نے معصومیت سے پولیس والوں سے پوچھا تھا کہ ایک بات پوچھوں، آپ برا تو نہیں منائیں گے کہ آپ نے مارنا کہاں سے سیکھا ہے۔ ہم بھی خان صاحب سے ایک بات پوچھنا چاہتے ہیں اگر وہ برا نہ منائیں کہ بتائیں تو سہی کہ انہوں نے جھوٹ بولنا کہاں سے سیکھا ہے۔
کیا طرفہ تماشہ ہے کہ خان صاحب ایک طرف تو اپنے سیاسی مخالفین کے ساتھ مذاکرات کے لئے حامی بھرتے نظر آرہے ہیں اور دوسری طرف انہی کے خلاف ہر روز اپنے قتل کی ایک نئی ایف آئی آر پڑھتے نظر آتے ہیں۔ اس کا مطلب یہی ہے کہ وہ مذاکرات میں سنجیدہ نہیں ہیں اور اپنے قتل کی بے پرکی افواہیں اڑا کر عوام میں اپنے سیاسی مخالفین کے خلاف نفرت کو ابھار رہے ہیں تاکہ ان کی سپورٹ بیس قائم رہے اور لوگ ان کے مخالفین سے نفرت میں کمی نہ لائیں۔ حیرت تو ہمیں سول سوسائٹی کے ان اکابرین پر ہوتی ہے جنہوں نے ان کی بات کا یقین کرلیا ہے جبکہ عمران خان نے انہیں زبانی یقین دہانی کروائی ہے اور کچھ بھی لکھ کر نہیں دیا اگر یہ اکابرین ان پر یقین کرتے رہے تو ان کا حال بھی مرحوم فخر الدین جی ابراہیم جیسا ہوگا جنہیں بڑے شوق سے خود عمران خان صاحب نے چیف الیکشن کمشنر لگوایا تھا، طرح طرح کی امیدیں باندھی تھیں اور پھر آخر میں خود ہی ان پر الزامات کی ایسی بوچھاڑ کی تھی کہ وہ بیچارے پوری لاچارگی کے ساتھ ٹی وی کیمروں کے سامنے دن دیہاڑے ہاتھ جوڑ کر پوری قوم سے معافی مانگ کر گئے تھے۔

بسکہ دشوار ہے ہر کام کا آساں ہونا
آدمی کو بھی میسر نہیں انساں ہونا
کی مرے قتل کے بعد اس نے جفا سے توبہ
ہائے اس زود پشیماں کا پشیماں ہونا

خان صاحب کچھ دھیان کریں، ریاست مدینہ کے دعویداروں کے یہ طور طریقے نہیں ہوتے ہیں اور زندگی میں ایسا لاابالی پن کبھی کبھی بہت مہنگا پڑ جایا کرتا ہے۔

عظمتِ صیام

رمضان کی اہمیت اور عظمت صیام پر حسن البنا شہیدؒ کے مختلف مضامین کا مجموعہ "خواطر رمضانیہ" ایک معرکۃ آرا تصنیف ہے جو مسلم نوجوانوں کو ضرور مطالعہ کرنی چاہیے۔
رمضان ایک نادر موقع ہے جو سال میں صرف ایک دفعہ میسر آتا ہے۔ اب ہمارے اور اس مبارک مہینے کے درمیان چند ہی دن باقی ہیں۔ یہ مہینہ شروع ہوتے ہی آسمان کے دروازے کھل جاتے ہیں اور اللہ کے نیک بندوں پر مزید برکتوں کا نزول شروع ہوجاتا ہے۔ اس ماہ مبارک کے شب و روز میں اللہ تعالیٰ اپنے نیک بندوں پر خصوصی نظر کرم فرماتا ہے، اُن کی دعائیں قبول فرماتا ہے، اطاعت گزاروں کے ثواب کو دُگنا کرتا ہے، اور گنہگاروں اور خطاکاروں سے درگزر فرماتا ہے۔
نبی مہربان صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے: جب رمضان آنے لگتا ہے تو جنت کے دروازے کھول دیے جاتے ہیں اور جہنم کے دروازے بند کردیے جاتے ہیں، سرکش شیطانوں کو باندھ دیا جاتا ہے اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک منادی یہ آواز لگاتا ہے: اے بدی کے طلب گار رک جا اور اے خیر کے طلب گار آگے بڑھ۔ (بخاری)
ماہ صیام ایسے حالات میں طلوع ہورہا ہے کہ جب مسلمان گوناگوں مسائل کا شکار ہیں جن کا مقابلہ کرنا اللہ کی اس تائید و نصرت کے بغیر ممکن نہیں ہے، جس کا اس نے اپنے مومن بندوں سے وعدہ فرمایا ہے: یہ وہ لوگ ہیں جنھیں اگر ہم زمین میں اقتدار بخشیں تو وہ نماز قائم کریں گے، زکوٰۃ دیں گے، نیکی کا حکم دیں گے اور برائی سے منع کریں گے۔ اور تمام معاملات کا انجام کار اللہ کے ہاتھ میں ہے۔
آج مسلمانوں کے سامنے وادیِ نیل کا مسئلہ ہے، فلسطین و جزائر عرب کا مسئلہ ہے، پاکستان، ریاست حیدرآباد اور ہندستان میں مسلم اقلیت کے مسائل ہیں۔ ان کے علاوہ یورپ اور افریقہ میں مسلمانوں کو درپیش لاتعداد گمبھیر مسائل ہیں، جن سے نکلنا تائید خداوندی کے بغیر ممکن نہیں، اور اللہ کی نصرت، معصیت سے نہیں بلکہ اطاعت سے حاصل کی جاسکتی ہے۔
لہٰذا، اس عظیم موقع سے فائدہ اٹھانے کے لیے کمر بستہ ہوجائیے۔ دلوں کو آلائشوں سے صاف کیجیے، اپنے نفس کو آمادہ کیجیے، دل وجان سے رمضان کا استقبال کیجیے، کثرت سے توبہ واستغفار کا اہتمام کیجیے اور ہمیشہ اللہ کے ساتھ جڑے رہیے، تاکہ اللہ آپ کے ساتھ رہے۔ جب اللہ آپ کے ساتھ ہوگا تو وہ آپ کی نصرت فرمائے گا اور اللہ کی مدد شامل حال ہو تو کوئی آپ پر غلبہ نہیں پاسکتا۔ جو عبادات کی حکمت اسلام میں جو اعمال اور عبادات فرض یا واجب کی گئی ہیں، ان میں ایک حکمت پوشیدہ ہے۔ دراصل اللہ تعالیٰ نے بندوں پر خصوصی مہربانی کرتے ہوئے ان کے لیے وہی اصول وضوابط مقرر فرمائے ہیں، جو بندوں کی کامیابی اور سعادت کا موجب ہیں۔
اللہ تعالیٰ کے دربار میں مقبول عبادات کا سب سے اہم اور بنیادی قاعدہ، خلوص نیت اور حضور قلبی ہے۔ اگر عبادات کا بنیادی محرک رضائے الٰہی نہ ہو تو نہ اس عبادت کی کوئی حیثیت ہے اور نہ ثواب، بلکہ حدیث نبویؐ کے مطابق: کتنے ہی روزہ دار ہیں جنھیں ان کے روزے سے سوائے بھوک اور پیاس کے کچھ نہیں ملتا۔
دوسرا اصول یہ ہے کہ اسلام عبادت گزاروں کو مشقت میں نہیں ڈالتا بلکہ عبادت میں آسان شرائط کے ساتھ رخصت بھی فراہم کرتا ہے۔ چنانچہ اگر کوئی بیمار ہے تو اسے روزہ نہ رکھنے کی آزادی ہے کہ تندرستی کے بعد رکھے، یا اگر تندرستی کی امید نہیں ہے تو فدیہ ادا کرے۔ یہ بھی یاد رہے کہ بلاعذر عبادات سے محرومی ابدی محرومی ہے۔
تیسرا اہم پہلو یہ ہے کہ انسان کی انفرادی اور اجتماعی زندگی پر ان تمام عبادات کے گہرے اثرات مرتب ہونے چاہییں۔
یہ فرائض محض عبادت برائے عبادت نہیں، بلکہ اُخروی فلاح کے ساتھ ساتھ دنیاوی زندگی پر ان کے اثرات و فوائد کو بھی ملحوظ رکھا گیا ہے۔ اسلام نے کوئی ایسا عمل فرض نہیں کیا، جس کے نتائج انسان کی عملی زندگی میں ظاہر نہ ہوں۔ شریعت نے اگر کسی چیز کا حکم دیا ہے تو وہ سراسر خیر ہی ہوتا ہے اور بندوں کی زندگی پر اس کا براہ راست مثبت اثر ہوتا ہے، اور اگر کسی عمل سے منع کیا ہے تو اس لیے کہ وہ انسانی زندگی کے لیے ضرر رساں ہوتا ہے۔ ارشاد ربانی ہے:
(پس آج یہ رحمت اُن لوگوں کا حصہ ہے) جو اُس پیغمبر، نبی اُمّی (صلی اللہ علیہ وسلم) کی پیروی اختیار کریں، جس کا ذکر انھیں اپنے ہاں تورات اور انجیل میں لکھا ہوا ملتا ہے۔ وہ انھیں نیکی کا حکم دیتا ہے، بدی سے روکتا ہے، اُن کے لیے پاک چیزیں حلال اور ناپاک چیزیں حرام کرتا ہے، اور اُن پر سے وہ بوجھ اتارتا ہے جو اُن پر لدے ہوئے تھے اور وہ بندشیں کھولتا ہے جن میں وہ جکڑے ہوئے تھے۔
میں مسلم حکومتوں سے گزارش کروں گا کہ وہ دیگر ملکی قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کی طرح رمضان کے مہینے میں روزہ نہ رکھنے والوں کے لیے بھی کڑی سزا مقرر کریں تاکہ کسی کو اس ماہ مقدس کی حرمت پامال کرنے کی جرأت نہ ہو۔ اس ضمن میں چند سرکاری محکموں سے اپنے ذیلی اداروں کو رمضان کے احترام پر مشتمل ایسی رسمی ہدایت جاری کردینا کافی نہیں ہے جس کی نہ پیروی کی جاتی ہے اور نہ مخالفت کرنے پر کوئی سزا ہی دی جاتی ہے۔ حکومت اپنی ذمہ داری نبھاتے ہوئے اس حوالے سے ٹھوس اقدامات اٹھائے۔
نیکیوں کا موسم بہار اسلام میں عبادات کی حیثیت ٹیکس یا جرمانے کی نہیں کہ جسے ادا کرکے کوئی بوجھ اتارنا مقصود ہو، بلکہ اسلامی عبادات رب اور بندے کے درمیان ایک مقدس روحانی تعلق کی ایک علامت ہیں۔ اس سے ان کے دلوں میں ایک سرمدی نور پیدا ہوتا ہے، جو ان کے گناہوں، وسوسوں اور اندیشوں کے خاتمے کا سبب بنتا ہے۔
سب سے بڑھ کر یہ کہ یہ انسان کی تکریم وعزت ہے کہ خاکی ہونے کے باوجود وہ ان عبادات کے ذریعے رب ذوالجلال کے ساتھ مناجات کرسکتا ہے۔
رمضان کا مہینہ اطاعت و عبادات کا موسم بہار ہے جس کے ذریعے سے اللہ تعالیٰ بندوں کے شب و روز کو مزین فرماتا ہے اور یہی اس مہینے کے حسن و جمال کا سبب ہے۔ اطاعت گزاری تو ہر وقت ایک مطلوب صفت ہے لیکن رمضان میں اس کی قدر و قیمت اور حسن میں کئی گنا اضافہ ہوجاتا ہے۔ اس مہینے کی سب سے اہم عبادت روزہ ہے۔ روحانی اعتبار سے یہ صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کی رضا اور اس کا قرب حاصل کرنے کو، اپنے نفس، فکر، ارادہ اور اپنی سوچ و شعور کا محور بنانے کو تقویٰ کہتے ہیں اور روزہ اس کا بہت بڑا محرک ہے۔
قرآن سے خصوصی تعلق اس مہینے میں قرآن کے ساتھ خصوصی تعلق جوڑنا چاہیے اور کثرت سے کلام پاک کی تلاوت کرنی چاہیے کیونکہ یہ قرآن کا مہینہ ہے۔ جبریل امینؑ خصوصی طور پر رمضان میں آکر حضور پاکؐ سے قرآن سنتے تھے۔ زندگی کے آخری برس آپؐ نے دو دفعہ جبریلؑ کو قرآن سنایا۔ یہ وہی قرآن ہے جو صحابہ کرامؓ اور ہمارے اسلاف کے پاس موجود تھا۔ ہم بھی اسے اسی طرح پڑھتے اور سنتے ہیں جس طرح وہ سنتے تھے۔ پھر کیا وجہ ہے کہ قرآن نے اس طرح ہماری زندگی کو نہیں بدلا جس طرح صحابہ کرامؓ کی زندگی کو بدلا تھا؟ اس سے ہمارے اخلاق و معاملات میں وہ تبدیلی کیوں نہیں آتی جو ان کی زندگی میں آئی تھی؟
یہ اس لیے کہ انھوں نے اس کتاب کو مضبوط ایمان کے ساتھ قبول کیا، تدبر کے ساتھ اس کو پڑھا، اس کے احکام کو نافذ کیا اور اپنے آپ کو مکمل طور پر اس کے سپرد کردیا۔ آپ اور ہم بھی ان کی طرح بن سکتے ہیں، اگر اس کتاب پر اُن کی طرح ایمان لے آئیں۔ اُن کی طرح اس کے مطابق چلیں، اس کے حلال کو حلال اور حرام کو حرام مانیں، اس کی آیات میں غور و فکر کریں۔ اس کے احکام کو نافذ کردیں اور اس کے مطابق اپنی زندگی ڈھال لیں۔ تو کیا ہم اس کے لیے تیار ہیں؟
صدقہ اور کثرت سے استغفار
کثرت سے صدقہ اور غریبوں اور مساکین کی مدد کرنا بھی اس مہینے کے امتیازی اعمال میں سے ہے۔ نبی پاکؐ جود و سخا کے پیکر تھے لیکن اس مہینے میں آپ کی سخاوت تیز ہوا کی مانند ہوجاتی تھی۔
اسی طرح دعا اور کثرت سے استغفار بھی اس ماہ کی خصوصی عبادات میں شامل ہے۔ یہ دعاؤں کی قبولیت کا مہینہ ہے۔ اللہ تعالیٰ مانگنے والوں کے لیے دروازے کھول دیتا ہے، اور توبہ کرنے والوں کی توبہ قبول فرماتا ہے۔ روزے داروں کی دعا رد نہیں کی جاتی۔ لہٰذا میرے مسلمان بھائیو! کہیں اس مہینے کی مبارک راتیں اللہ کی رحمتیں سمیٹے اور اُس کی رضا حاصل کیے بغیر نہ گزر جائیں۔
آج جب ہر طرف نفسانفسی کا عالم ہے، اللہ تعالیٰ نے رمضان المبارک کو روح کی تسکین کا سامان بنایا۔ اس میں دن کو روزہ رکھ کر تمام دنیاوی لذتوں اور لغو کاموں اور باتوں سے اجتناب کیا جاتا ہے اور رات کو اٹھ کر اللہ کے حضور طویل قیام اور تلاوت قرآن سے اپنے دلوں کو منور کیا جاتا ہے اور روح کو تسکین پہنچائی جاتی ہے۔
قارئین کرام! اس موقعے سے بھرپور فائدہ اٹھاتے ہوئے پہلے ہی دن سے مضبوط ارادے کے ساتھ اس مدرسے میں داخل ہوجائیے۔ ہر وقت اپنی توبہ کی تجدید کرتے رہیے۔ غور و فکر کے ساتھ قرآن پاک کی تلاوت کیجیے۔ اپنے نفس کو روزے کے فوائد سے روشناس کیجیے۔ جتنا ممکن ہو قیام اللیل کا اہتمام کیجیے۔ زیادہ سے زیادہ ذکر و فکر میں وقت گزاریے۔ اپنی روح کو مادیت کے فتنے سے بچایئے اور کوشش کیجیے کہ اس ماہ مبارک سے متقی بن کر نکلیں۔

کپتان کا طوفان

محمد ناصر اقبال خان

یہ 28 مئی 1998 کا روشن سویرا ہے، اس روز ایک طرف مئی کی "گرمی" جبکہ دوسری طرف ایک پراسرار "سرگرمی" جاری ہے، ادھر دنیا کی مقتدر قوتیں اپنے زر اور زور سے ریاست پاکستان کو اپنے پختہ ارادوں کی تکمیل سے روکنے کیلئے متحرک ہیں اُدھر صوبہ بلوچستان کے مقام چاغی میں ایک بڑے پہاڑ کے ساتھ بھارتی غرور کا سومنات بھی ریزہ ریزہ ہوگیا ہے۔ چاغی میں کامیاب ایٹمی دھماکے ہونے کے بعد پاکستان میں جشن کا سماں ہے جبکہ بھارت اور اسرائیل میں لوگ ماتم کررہے ہیں۔ پاکستانیوں نے اللہ رب العزت کی پاک بارگاہ میں سجدہ ریز ہوتے اور نعرہ تکبیر بلند کرتے ہوئے اپنی دشمن قوتوں کے دل پر ہیبت طاری کردی ہے۔ پاکستان کو ایٹمی طاقت بنانے کا کریڈٹ ذوالفقار علی بھٹو سمیت ایٹمی پروگرام کے بانیان اور پاک فوج کے سربراہان کو جاتا ہے، نوازشریف نے قوم کے شدید دباؤ پر محض اس کا بٹن دبایا تھا لہٰذا موصوف کو اس کا کریڈٹ ہرگز نہیں دیا جاسکتا۔ 28 مئی 1998ء کے پورے ایک برس بعد نیا دن شروع ہوا تو اس روز پاکستانیوں کا منفرد جوش وجذبہ قابل دید تھا۔ شہروں اور شاہراہوں سمیت ایوان اور میدان نعرہ تکبیر اللہ اکبر کی پرجوش صداؤں سے گونج رہے تھے۔ اس روز پاکستان کے ایٹمی طاقت بننے کی خوشی میں اوورسیز پاکستانیوں سمیت ہمارے ہم وطن یوم تکبیر منا رہے تھے۔ مسلم سٹوڈنٹس فیڈریشن نے یوم تکبیر کے سلسلہ میں پنجاب اسمبلی کے بالمقابل مال روڈ پر فیصل چوک میں طلبہ کے ایک بڑے اجتماع کا اہتمام کیا تھا۔ راقم اس وقت مسلم سٹوڈنٹس فیڈریشن کا مرکزی سیکرٹری اطلاعات تھا، میں اپنے ساتھی طلبہ کے ساتھ مال روڈ پر ہونیوالے اجتماع میں شرکت کیلئے جارہا تھا، ہماری گاڑی نے کینال سے مال روڈ کا رخ کیا تو دوسری طرف ایک وین کی فرنٹ سیٹ پر ڈرائیور کے ساتھ کپتان عمران خان براجمان تھے، وین میں ان دو کے سوا تیسرا کوئی فرد نہیں تھا۔ ہم نے اس وین پر تحریک انصاف کا پارٹی پرچم لہراتا ہوا دیکھا جو مسلم سٹوڈنٹس فیڈریشن کے جھنڈے کی کاپی ہے، وہ گورنر ہاؤس سے نہر کی طرف آرہے تھے۔ ہم نے عمران خان سے ملنے اور انہیں مسلم سٹوڈنٹس فیڈریشن اور تحریک انصاف کا پرچم میں مشابہت بارے بات چیت کرنے کا فیصلہ کیا اور 5 کلب چوک سے یوٹرن لے لیا تاہم ہماری گاڑی جس وقت کینال پر پہنچی تو وہاں ہمیں کپتان کی وین نظر نہیں آئی کیونکہ وہ زمان پارک طرف مڑ گئے تھے اور اس وقت ہمیں زمان پارک میں کپتان کی رہائشگاہ بارے قطعی علم نہیں تھا ورنہ شاید ہم ان کے پیچھے روانہ ہو جاتے۔ یہ واقعہ سپرد قرطاس کرنے کا مقصد یہ بتانا ہے، 28 مئی 1999ء کے کپتان اور 17 مارچ 2023ء کے کپتان میں زمین آسمان کا فرق ہے۔ سیاسی طور پر ناتواں کپتان نے پاکستان میں انصاف کی فراوانی یقینی بنانے کیلئے جس دشوار ترین جدوجہد کا تنہا آغاز کیا تھا آج کروڑوں پاکستانیوں نے انصاف کیلئے جاری تحریک میں باضابطہ شرکت اور کپتان کی لیڈرشپ تسلیم کرلی ہے۔ پاکستان کے پرجوش نوجوان اپنے پراعتماد کپتان کی قیادت میں نیا پاکستان بنانے کیلئے کوشاں اور تحریک قیام پاکستان کی یادیں تازہ کررہے ہیں۔ عمران خان 28 مئی 1999ء کو مال روڈ پر تنہا تھے لیکن 17 مارچ 2023ء کا کپتان جس وقت لاہور ہائیکورٹ میں پیش ہونے کیلئے زمان پارک سے براستہ مال روڈ روانہ ہوا تو اس روز عوامی سونامی اپنے قومی ہیرو اور نجات دہندہ کے ساتھ ساتھ تھا۔ اس وقت عمران خان کو متعدد ایف آئی آرز کا سامنا ہے۔
ان انتقامی مقدمات کا منطقی انجام کیا ہوتا ہے یہ آنیوالے وقت پر چھوڑ دیتے ہیں لیکن عوامی عدالت نے کپتان کیخلاف متحدہ حکومت کی ہرایک چارج شیٹ کو مسترد کردیا ہے۔ عمران خان نے اپنے کارواں پر وزیرآباد میں ہونیوالے شدید حملے کے تناظر میں بار بار اپنی زندگی کو درپیش خطرات کے بارے میں شدید تحفظات کا اظہار کیا ہے لیکن حکمران اپنے مدمقابل سیاسی رقیب کپتان کی حفاظت کیلئے ناگزیر اقدامات اٹھانے کی بجائے الٹا اس کی سیاسی سرگرمیاں محدود کرنے کیلئے اسے متنازعہ مقدمات میں الجھاتے چلے جارہے ہیں، تحریک قیام پاکستان کے دوران قائداعظمؒ بھی گرفتار نہیں ہوئے تھے جبکہ گاندھی کو بار بار جیل جانا پڑا تھا سو کپتان کا گرفتاری سے بچنا آبرومندانہ اور دانشمندانہ اقدام ہے کیونکہ عزت کی حفاظت کیلئے زندگی داؤ پر لگائی جاسکتی ہے لیکن زندگی بچانے کیلئے عزت گنوانا حماقت ہے۔ عمران خان کا وجود اور ویژن جس مافیا کیلئے خطرہ ہے، اس سے کچھ بعید نہیں۔ اس ملک میں قائداعظم محمد علی جناحؒ، قائد ملت نواب لیاقت علی خانؒ، قائد عوام ذوالفقار علی بھٹو، میر مرتضیٰ بھٹو اور بینظیر بھٹو کو جس طرح قومی منظر سے ہٹایا گیا وہ کسی سے چھپا ہوا نہیں ہے۔ جو لوگ کپتان کو اپنی راہ سے ہٹانے کے درپے ہیں وہ یاد رکھیں اللہ نہ کرے اگر کپتان کو کچھ ہوگیا تو اس کی شہادت آپ کی پراگندہ سیاست کے تابوت کو نابود کردے گی۔ موت برحق ہے، زندہ کپتان کی سیاست کے مقابلے میں عمران خان کی شہادت اتحادی حکومت کو اس کے غرور سمیت غرق کردے گی لہٰذا کسی سازش کے زور پر انہیں زندگی یا سیاست کی دوڑ سے باہر کرنا ریاست اور قومی سیاست کیلئے انتہائی خطرناک ہوسکتا ہے۔ کسی سیاستدان کو اپنا محبوب بنانے اور منتخب یا مسترد کرنے کا اختیار واستحقاق صرف عوام کو حاصل ہے۔ عزت کسی منصب یا حکومت کی محتاج نہیں، جو حکومت میں ہیں انہیں عوامی نفرت کا سامنا ہے جبکہ حکومت سے محرومی کے بعد اندرون و بیرون ملک عمران خان کی عزت اور شہرت کئی گنا بڑھ گئی ہے۔ اگر جمہوری نظام عوام کے اجتماعی فیصلے کا نام ہے تو پھر عوام نے دوسری بار ملک کی باگ ڈور عمران خان کے سپرد کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے جو انتخابات ملتوی کرنے سے ہرگز تبدیل نہیں ہوگا۔ "عمران خان کے ہاتھوں میں وزارت عظمیٰ کی ریکھا نہیں ہے" یہ دعویٰ مسلم لیگ (ن) کے حامی کیا کرتے تھے لیکن عمران خان نہ صرف عوامی طاقت سے وزیراعظم منتخب ہوئے بلکہ وہ بادشاہ گر بھی بنے، ان کی ہاں اور ناں نے متعدد شخصیات کو اہم اور غیراہم بنادیا۔ وفاق میں متحدہ اور پنجاب میں ان کے کٹھ پتلی حکمران جس قدر عوام اور انتخابات کے درمیان حائل ہوں گے اس قدر انہیں بدترین عوامی نفرت اور مزاحمت کا سامنا کرنا پڑے گا۔ انتخابی "میدان" سجائے بغیر "ایوان" کا اعتماد بحال نہیں ہوسکتا۔ عوام کو اپنی تازہ دم اور پسندیدہ قیادت منتخب کرنے کا حق دیا جائے، جو دباؤ میں اپنے آئینی فرض کی بجاآوری نہیں کرسکتے وہ اپنا اپنا منصب چھوڑ دیں۔ نادار و مفلس عوام کو ماہ صیام کے دوران طویل قطاروں میں بدترین خواری کے بعد آٹا مفت دینے سے ان کی سیاسی وفاداریاں تبدیل نہیں ہوں گی، تاہم جو آٹا زندگی کی قیمت پر ملے وہ مفت نہیں بلکہ بہت مہنگا ہے۔
اب تک مفت آٹا وصول کرتے ہوئے جو خواتین و حضرات لقمہ اجل بنے ہیں ان کی ناحق موت کا حساب کون دے گا۔ کپتان اور اس کے حامیوں کیخلاف حالیہ دنوں میں جس طرح بدترین پولیس گردی اور غنڈہ گردی کا مظاہرہ کیا گیا اس انتقامی اقدام نے پی ٹی آئی کارکنان کو کندن بنادیا ہے، اب وہ اس سے بھی بدتر صورتحال کا مقابلہ کرسکتے ہیں۔ زندان کی اندر سے زیارت نے کپتان کے ٹائیگرز کو مزید نڈر بنادیا ہے، وہ اپنے قائد کی حفاظت کیلئے متحدہ مزاج حکومت کیخلاف سینہ سپر اور سربکف ہیں۔ جو عمران خان اپنے حامیوں اور بالخصوص نوجوانوں کا محض سیاسی نظریہ تھا اب وہ ان کا جنون بن گیا ہے، پی ٹی آئی سے وابستہ مرد و زن سیاسی کارکنان اپنے جنون کیلئے اپنا خون بہارہے ہیں۔
پاکستانیوں نے زمان پارک میں متنازعہ آپریشن کے نتیجہ میں ان گنت پی ٹی آئی کارکنان اور پولیس اہلکاروں کا خون بہتا ہوا دیکھا، اس کشت و خون کے بعد آئی جی پنجاب کا ایک بوتل خون عطیہ کرنا ایک سوالیہ نشان ہے۔ کپتان کیخلاف بلیم گیم میں پیش پیش وفاقی وصوبائی وزراء 1990ء کی دہائی میں بینظیر بھٹو کی منتخب حکومت کیخلاف نوازشریف کی قیادت میں نام نہاد تحریک نجات کے دوران پنجاب سمیت ملک بھر میں بیسیوں بار شٹر ڈاؤن اور پہیہ جام ہڑتال کے نام پر بدترین توڑ پھوڑ، تشدد اور جلاؤ گھیراؤ کے اندوہناک اور شرمناک واقعات کیوں بھول جاتے ہیں۔ تحریک نجات کے دوران مال روڈ پر جو پولیس بس نذر آتش کی گئی تھی اس کی ایف آئی آر آج بھی دستیاب ہے، جس میں نامزد مرکزی ملزم بعد ازاں وفاقی وزیر بنا تھا۔ "گولی کا جواب گولی سے دیں گے" اس قسم کے جارحانہ اور اشتعال انگیز بیانات آئی جی پنجاب کے منصب کے شایان شان نہیں۔ آئی جی پی ڈاکٹر عثمان انور اپنے عارضی منصب کیلئے اپنا جاندار اور شاندار ٹریک ریکارڈ برباد نہ کریں۔ راقم نے اپنی متعدد تحریروں میں سکیورٹی فورسز سمیت پولیس فورس کا بھرپور دفاع کیا ہے لیکن شاید انہیں عزت سے کوئی سروکار نہیں، وہ سرکاری اطاعت بلکہ غلامی اور اپنی بدنامی کے ساتھ بہت خوش ہیں۔ پولیس کو بدترین بدنامی، انتہائی ذلت اور شدت سے بھرپور نفرت پلیٹ میں رکھ کر نہیں ملی بلکہ اس کیلئے بیشتر پی ایس پی آفیسرز بہت سخت محنت کرتے اور اپنے ماتحت اہلکاروں کو عوام کی نفرت کی آگ میں جھونک دیتے ہیں۔
مینار پاکستان کے سبزہ زار میں نیا پاکستان بنانے کی حامی جماعت کا فقیدالمثال اجتماع اختتام پذیر ہوگیا جبکہ اس سیاسی پروگرام کو بلڈوز کرنے کیلئے جس آمرانہ اور عاقبت نااندیشانہ انداز سے جلسہ گاہ میں پانی چھوڑا اور کارکنان کا راستہ روکا گیا وہ شرمناک ہے۔ پنجاب پولیس ہزاروں شہیدوں کی وارث ہے لہٰذا یاد رکھیں پولیس آفیسر اور اہلکار مٹھی بھر حکمران اشرافیہ نہیں بلکہ شہریوں کے محافظ اور قانون کے پابند ہیں۔ نیب زدگان کے متنازعہ اقتدار کے دوام کیلئے عوام کیخلاف حکم کے غلام پولیس اہلکاروں سے غنڈوں کا کام نہ لیا جائے۔ "گھاؤ" زدہ حکومت کی "ناؤ" کے چاروں طرف بھنور ہیں جبکہ انتھک کپتان اس کیلئے طوفان بن کر ابھرا ہے۔ کپتان اور تحریک انصاف کے پاس جو مقبول اور معقول سیاسی "ایجنڈا" ہے سرکاری "ڈنڈا" اس پر اثر انداز نہیں ہوسکتا۔

عزتِ نفس کا جنازہ

مفت آٹے کے لئے آنے والے غریبوں سے جو سلوک ہورہا ہے اس پر تبصرہ کرتے سے دل دکھتا ہے کہ حکمرانوں کے اقدامات نے لوگوں کی عزت نفس کا جنازہ نکال کر رکھ دیا ہے سوشل میڈیا پر جو ویڈیو وائرل ہورہی ہیں وہ بہت دل خراش ہیں اتنی دل خراش ہیں کہ بیان سے باہر ہے لگتا ہے مفت آٹے کا حصول غریبوں کے لئے زندگی اور موت کی جنگ بن گیا ہے؟ ایک ویڈیو میں صاف صاف دیکھا جاتا ہے کہ مفت آٹے کے حصول کے لئے آنے والوں پر پولیس اہلکار بڑی بے رحمی سے لاٹھیاں برسا رہے ہیں دوسری ویڈیو میں پولیس والے لوگوں کو مارتے دکھائی دیتے ہیں کوئی خواتین کو دھکے مار رہا ہے تو کوئی عورتوں کے منہ پر تھپڑ رسید کررہا ہے ایسا سلوک تو دشمنوں سے بھی نہیں کیا جاتا جیسے غریبوں کا کوئی والی وارث نہ ہو اطلاعات ہیں کہ پنجاب اور خیبر پختونخوا کے مختلف شہروں میں مفت سرکاری آٹا اب تک 8 شہریوں میں موت تقسیم کرچکا ہے جبکہ کئی افراد زخمی بھی ہو چکے ہیں۔ بھگدڑ میں مفت آٹے کے حصول کے لئے آنے والا شخص انتقال کرگیا جبکہ ملتان میں ایک شخص سستا پوائنٹ میں آٹا لینے آنے والا دھکم پیل کے باعث دل کا دورہ پڑنے سے انتقال کر گیا۔ فیصل آباد میں مفت آٹا لینے آئے بزرگ کی جان چلی گئی اور مظفرگڑھ کی تحصیل کوٹ ادو میں مفت آٹے کے حصول کے لئے لائن میں لگی خاتون کو آٹا تو نہ مل سکا لیکن دل کا دورہ پڑنے سے اس کی جان چلی گئی۔ چارسدہ میں مفت آٹے کی تقسیم کے دوران دھکم پیل اور بھگدڑ میں 40 سالہ شخص جاں بحق ہوگیا۔ تونسہ میں آٹا نہ ملنے پر شہریوں نے نئے تعینات اسسٹنٹ کمشنر کے سامنے احتجاج کیا، ایک خاتون نے اسسٹنٹ کمشنر کی واسکٹ اتار لی، اسسٹنٹ کمشنر کے گارڈ نے خاتون کو تھپڑ مارا تو شہری مشتعل ہوگئے اور اسسٹنٹ کمشنر کی گاڑی پر حملہ کردیا۔ تازہ ترین واقعات میں بھکر میں ایک بزرگ شہری الٰہی بخش فری آٹا پوائنٹ پر آیا، گھنٹوں لائن میں لگنے کے بعد جب آٹا وصول کرکے تھکا ہارا واپس جانے لگا تو اچانک چکرا کر گر گیا موقع پر موجود لوگوں نے سنبھالا مگر جانبر نہ ہوسکا 65 سالہ الٰہی بخش دل کا مریض تھا کمال کی بات یہ ہے۔ کہ واقعہ کے بعد ڈپٹی کمشنر بھکر آفس سے جاری بیان میں بتایا گیا کہ متوفی الٰہی بخش کی وفات سے پہلے اور وفات کے دوران یا بعد میں آٹے کی تقسیم کا عمل نظم وضبط کے ساتھ جاری رہا، مظفرگڑھ میں مفت آٹا پوائنٹ پر بھگدڑ مچنے سے بزرگ خاتون جاں بحق ہوگئی۔ پولیس کے مطابق خاتون مقامی میرج ہال میں قائم آٹا پوائنٹ کا گیٹ کھلنے کا انتظار کررہی تھی، گیٹ کھلنے پر دھکم پیل کے باعث خاتون گر کر زخمی ہوئی۔ پولیس کا کہنا ہے کہ 60 سال کی بزرگ خاتون کو ریسکیو اہلکاروں نے اسپتال منتقل کیا جہاں وہ دم توڑ گئی۔ ڈپٹی کمشنر (ڈی سی) ظہیر عباس جعفری نے مفت آٹا پوائنٹ پر خاتون کے جاں بحق ہونے کے واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے تحقیقات کا حکم دے دیا ہے۔ ڈی سی مظفرگڑھ کا کہنا ہے کہ معاملہ کی تحقیقات کے بعد ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔
خیبر پختونخوا میں آٹے کیلئے برقعہ پوش خواتین کی میلوں طویل قطار کا منظر سوشل میڈیا پر موضوع بحث بنا رہا، شہریوں نے کہا کہ اسلام میں خواتین کے احترام کا درس دیا گیا ہے لیکن یہاں حکومت آٹے کیلئے باعزت سفید پوش خواتین کو گھنٹوں طویل قطاروں میں کھڑا کرکے تذلیل کررہی ہے، خواتین کا کہنا ہے کہ مفت آٹا فراہمی کی پالیسی ختم کرکے دکانوں پر سستا آٹا مہیا کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ مفت آٹے کے لئے قطاروں میں خوار ہونے پر مجبور ہیں، حکومت مفت آٹا کی فراہمی میں مکمل ناکام ہوگئی، سارا دن آٹا لینے کیلئے لائنوں میں لگی رہتی ہیں جب ہماری باری آتی ہے تب ہمیں ڈیوائس نہ چلنے یا میسج رجسٹرڈ نہ ہونے کا بہانہ لگا کر واپس بھجوا دیا جاتا ہے۔ وزیراعظم اور وزیراعلیٰ فوری کارروائی کرنی چاہیے۔
عام لوگوں کا خیال ہے کہ میاں شہبازشریف نے ہمیشہ نمائشی منصوبے روشناس کروائے ہیں جن کا مقصد ستائش کے سوا کچھ نہیں ماضی میں میاں شہبازشریف نے سستی روٹی سکیم متعارف کروائی تھی عام آدمی سے زیادہ تندوروالوں، ٹاؤن انتظامیہ اور بیوروکریسی نے لمبا مال کمایا ایسی سکیموں سے عام آدمی کی عزت نفس مجروح ہوتی ہے خادم پاکستان کو چاہیے تھا کہ وہ رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں لوگوں کو اس طرح ذلیل کرنے کی بجائے عام دکانوں پر سستے آٹے کی فراہمی کو یقینی بناتے جس سے لوگ فائدہ اٹھاتے۔ کچھ حلقوں کا کہنا ہے کہ سستے آٹے کی آڑ میں بارش میں بھیگی گندم، ناقص، گلے سڑے گیہوں اور روٹی کے ٹکڑے پیسے جارہے ہیں اگر یہ سچ ہے۔
تو جس سے پیٹ، معدے اور سانس کی بیماریاں پھیلنے کا خدشہ ہے اس ضمن میں عجیب و غریب ویڈیوز بھی وائرل ہورہی ہیں جن میں پرانی، کالی اور بدبودار گندم سے آٹا تیار کرکے مفت تقسیم کرنے کا دعویٰ کیا جارہا ہے حکومت کو اس کا بھی نوٹس لینا چاہیے تھا۔ کچھ بلدیاتی نمائندوں کا تبصرہ تھا حکومت اگر واقعی عوام سے مخلص ہوتی تو وہ مفت آٹے کی فراہمی کا کوئی مربوط نظام تشکیل دیتی لوگوں کو ایسے نہ ذلیل، خراب کیا جاتا عام آدمی کی رسائی کے لئے بلدیاتی نظام سے استفادہ کیا جاتا تو آج یہ حالات نہ ہوتے یونین کونسل لیول پر مفت آٹے کی فراہمی کے لئے بلدیاتی نمائندوں کی ڈیوٹیاں لگائی جاتیں ایک دو یہ لوگ اپنی اپنی یونین کونسل میں مستحقین کو ذاتی طور پر جانتے ہیں دوسرا کونسلر مستحقین کے گھر گھر خود مفت آٹے کے تھیلے سپلائی کرتے تو بہتوں کا بھلا ہوتا اور عام لوگوں کی عزت نفس کا جنازہ سر بازار نہ نکلتا۔

☆☆☆☆☆

پبلشر ڈاکٹر سلیم صادق نے شال پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
ایڈیٹر: ڈاکٹر خرم شہزاد، سب ایڈیٹر انجم بلوچ، فون نمبر 081-2470990 فیکس 081-2470991 بیورو چیف گوادر: عبدالغفور بلوچ، پتہ: ملت نیوز ایجنسی گوادر، موبائل نمبر: 0332-2364234۔ میاں جزاک اللہ رزیڈنٹ ایڈیٹر اسلام آباد۔ آفس نمبر 5 فرسٹ فلور علی پلازہ فضل الحق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد۔ موبائل 0300-9847010۔ فون نمبر 051-8311430 فیکس نمبر 051-8311450۔ ای میل isb33@yahoo.com

شال بقیہ 1

حکام بھی موجود تھے۔ شہباز شریف نے کہا کہ یقیناً یہاں پر پنجاب کے علاوہ بھی دوسرے صوبوں کے بھائی، بہنیں جو راولپنڈی میں رزق حلال کماتے ہیں، خیبر پختونخوا، کشمیر، گلگت بلتستان سے لوگ یہاں پر ہیں، انہیں سہولت فراہم کرنے کے لیے انتظامیہ پوری کوشش کررہی ہے کہ ان کو دقت نہ ہو۔ انہوں نے کہا کہ دوسرا بڑا مسئلہ یہ ہے کہ بے شمار لوگ ایسے ہیں جو بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے ریکارڈ پر نہیں ہیں تاہم وہ بھی خط افلاس سے کم پر زندگی بسر کررہے ہیں، ان کو دقت پیش آرہی ہے، گزشتہ رات تک طے ہوا تھا کہ یہ مسئلہ حل ہوجائے گا، پیر کی صبح نادرا اور پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ نے اس سارے چیلنج کا حل تجویز کیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ پیر کی صبح انہوں نے آپریٹ کرنے کی کوشش کی تاہم وہ دوڑ راست تھا، مجھے امید ہے کہ یہ سسٹم پوری طرح آپریٹ ہوجائے گا، اور جو لوگ یہاں آرہے ہیں اور جنہیں کہا جارہا ہے کہ ان کے نام نہیں ہیں یا آپ کا اندراج نہیں ہے، ان کے لیے وہاں پر علیحدہ کاؤنٹرز کھولے جائیں گے۔

شال بقیہ 2

مندوخیل نے کہا کہ از خود نوٹس 4 ججز نے مسترد کیا، آرڈر آف کورٹ 3-4 کا فیصلہ ہے۔ فیصلے میں کہا گیا کہ چیف جسٹس کے ون مین پاور شو کے اختیار پر نظر ثانی کرنا ہوگی، سپریم کورٹ کو صرف ایک شخص کے فیصلوں پر نہیں چھوڑا جاسکتا، وقت آگیا ہے کہ چیف جسٹس آفس کا 'ون مین شو' کا لطف اٹھانے کا سلسلہ ختم کیا جائے، از خود نوٹس کے اختیار کے بارے میں فل کورٹ کے ذریعے پالیسی بنانا ہوگی۔ فیصلے میں کہا گیا کہ سپریم کورٹ کے چیف جسٹس کو وسیع اعزازات سے نوازا جاتا ہے، ستم ظریفی ہے کہ سپریم کورٹ قومی اداروں کے اختیارات کو ریگولیٹ کرنے کی بات کرتی ہے تاہم اپنے گریبان میں نہیں جھانکتی، سپریم کورٹ اپنے اختیارات کا ڈھانچہ بنانے میں مکمل طور پر ناکام رہی ہے۔ دو ججز کے فیصلہ میں کہا گیا کہ چیف جسٹس کے پاس از خود نوٹس، بنچز کی تشکیل اور مقدمات فکس کرنے کا اختیار ہے، چیف جسٹس کے پاس بے لگام طاقت ہے جس کا وہ لطف لیتے ہیں، چیف جسٹس کی طاقت کے بے دریغ استعمال سے سپریم کورٹ کا وقار پست اور کڑی تنقید کی زد میں رہا ہے۔ فیصلے میں کہا گیا کہ ہم دو ججز کا فیصلہ جسٹس یحییٰ آفریدی اور جسٹس اطہر من اللہ کے فیصلے کا ہی تسلسل ہے، کیس میں ایک بار کاز لسٹ جاری ہونے کے بعد بنچ تبدیل نہیں ہوسکتا، آئینی ادارے کے ممبران کے طور پر ہمارا ہر عمل تاریخ کا حصہ بنتا اور زیر بحث آتا ہے۔ خیال رہے کہ سپریم کورٹ نے پنجاب اور خیبر پختونخوا میں الیکشن کی تاریخ کے حوالے سے از خود نوٹس لیا تھا اور ابتدائی طور پر اس پر 9 رکنی لارجر بنچ بنایا گیا تھا۔

شال بقیہ 3

میٹر روڈ اور 2 بڑے پل بھی تعمیر ہوئے ہیں گزشتہ مون سون بارشوں سے ڈیم کو نقصان پہنچا جس کی دوبارہ مرمت کا کام مذکورہ ٹھیکیدار پورا کریگا، کیونکہ تاحال اسکی تعمیر مکمل نہیں ہوئی ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز قلعہ سیف اللہ میں طور بادوزئی ڈیم کا معائنہ کرتے کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر علاقے کے رکن صوبائی اسمبلی اور دیگر ماہرین کے علاوہ سی ایم آئی ٹی کے ممبران بھی موجود تھے حاجی محمد خان لہڑی کا کہنا تھا کہ حکومت محکمہ ایریگیشن کے توسط سے صوبے میں ڈیمز کی تعمیر یقینی بنا کر زرعی شعبے میں انقلاب لانے کیساتھ ساتھ لوگوں کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی اور زیر زمین گرتی ہوئی پانی کی سطح کو ریچارج کرنے کے علاوہ ہزاروں ایکڑ اراضی کو سیراب کرنے کیلئے کام کر رہے ہیں مذکورہ ڈیم گزشتہ مون سون بارشوں کے دوران سیلابی ریلوں کی وجہ سے اور فلو ہوا تھا جسکی وجہ سے اور فلو متاثر ہوا اور مذکورہ ڈیم کی تعمیر کے حوالے سے کنسلٹنٹ نے جو رپورٹ دی تھی کہ ڈیم تین سال میں بارشوں کے پانی سے بھرے گا لیکن بارشیں زیادہ ہونے کی وجہ سے مذکورہ ڈیم ایک سال میں ہی بھر گیا اور ڈیم میں گنجائش سے زیادہ پانی آنے کے باعث اسکا اور فلو متاثر ہوا، ہمارے ماہرین اور دیگر حکام نے ڈیم کا جائزہ لیا ڈیم کی تعمیر اور کام کا معیار بہتر تھا لیکن اور فلو کی وجہ سے کچھ مسئلہ پیدا ہوا تھا اس لئے سپیل وے کو 9 فٹ نیچے کر کے ڈیم سے پانی کے اخراج کو ممکن بنا کر ڈیم کو نقصان پہنچنے سے بچایا انکا کہنا تھا کہ ڈیمز کی تعمیر پر 4 ارب 64 کروڑ روپے لاگت آئی ہے۔

شال بقیہ 4

نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ گراں فروشی کے خلاف کاروائیاں کررہی ہے مگر اس دوران کئی ہزار روپے جرمانہ عائد کرنے کی رقم کی کوئی رسید یا بینک میں جمع کرنے کا طریقہ کار نہیں ہے، رقم موقع پر نقد وصول کی جارہی ہے جبکہ دکانداروں کو 10،10 دن کے لئے جیل بھی بھیجا جارہا ہے اسپیکر کمشنر کو طلب کرکے اس حوالے سے ان سے وضاحت لیں۔ بی این پی کے رکن ثناء بلوچ نے کہا کہ زکوۃ کے پیسے جلد از جلد ریلیز کرنے کے لئے اقدامات اٹھانے کو یقینی بنایا جائے۔ بی این پی کے رکن احمد نواز بلوچ نے کہا کہ زکوۃ کے پیسوں کے معاملے کو متعلقہ اسٹینڈنگ کمیٹی کے سپرد کیا جائے جس پر اسپیکر میر جان محمد جمالی نے سیکرٹری مذہبی امور کو بدھ کو 2 بجے اسٹینڈنگ کمیٹی میں طلب کرلیا۔ سینئر صوبائی وزیر نور محمد دمڑ نے ایوان کو آگاہ کیا کہ وزیراعلیٰ ایک، دو روز میں کوئٹہ پہنچ جائیں گے جس کے بعد ضلعی انتظامیہ کی جانب سے جرمانوں پر اجلاس منعقد کیا جائیگا۔ اجلاس میں جمعیت علماء اسلام کے رکن میر زابد علی ریکی نے وزراء کی عدم موجودگی پر احتجاج کرتے ہوئے کہا کہ وزراء اجلاس میں نہیں آرہے انکے سوالات کے جوابات بار بار ڈیفر ہورہے ہیں، رکن صوبائی اسمبلی میر عارف جان محمد حسنی نے کہا کہ انکے سوالات پانچ پانچ بار ڈیفر ہورہے ہیں وہ جوابات سے مطمئن نہیں ہیں لہذا انکے محکمہ معدنیات سے متعلق سوالات کو کمیٹی کو ریفر کیا جائے۔

شال بقیہ 5

جسٹس منیب اختر، جسٹس امین الدین خان اور جسٹس جمال خان مندوخیل شامل ہیں۔ پی ٹی آئی کے وکیل علی ظفر عدالت میں پیش ہوئے اور دلائل دیتے ہوئے کہا کہ سپریم کورٹ نے یکم مارچ کو انتخابات کی تاریخ دینے کا فیصلہ دیا، الیکشن کمیشن نے 8 مارچ کو پنجاب میں انتخاب کا شیڈول جاری کیا۔ وکیل علی ظفر نے موقف اپنایا کہ گورنر خیبر پختونخوا نے عدالتی حکم عدولی کرتے ہوئے تاریخ کا اعلان نہیں کیا، الیکشن کمیشن نے صدر کا حکم ماننے سے انکار کرتے ہوئے نیا شیڈول جاری کیا، الیکشن کمیشن نے تین بار خلاف ورزیاں کیں۔ الیکشن کمیشن نے صدر کا حکم ماننے سے انکار کرتے ہوئے نیا شیڈول جاری کیا، الیکشن کمیشن نے تین بار خلاف ورزیاں کیں۔ وکیل علی ظفر نے موقف اپنایا کہ 13 مارچ کو الیکشن کمیشن نے صدر کی دی گئی تاریخ کو منسوخ کردیا، الیکشن کمیشن نے 8 اکتوبر کی تاریخ دی، الیکشن کمیشن کوئی تاریخ دینے کا اختیار ہی نہیں تھا، الیکشن کمیشن نے 90 روز کی مقررہ مدت کی خلاف ورزی کی۔

شال بقیہ 6

بھی عوام کے سامنے رکھنے کا فیصلہ کیا گیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے مریم نواز نے کہا کہ عمران خان پاکستان کا ماضی بن چکا ہے، اب پاکستان کے مستقبل کے بارے میں سوچنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جسٹس منصور علی شاہ اور جسٹس مندوخیل کا فیصلہ بینچ فکسنگ کے بارے میں ہمارے بیانیے کی جیت ہے، بینچ سازی منصفانہ نہیں تو فیصلہ کیسے منصفانہ تصور ہوگا؟۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان اپنے کرپشن مقدمات سے عوام کی توجہ ہٹانا چاہتا ہے، فیرین، فارن فنڈنگ، توشہ خانہ مقدمات میں ناقابل تردید ثبوت موجود ہیں۔ مریم نواز نے کہا کہ عدلیہ میں عمران خان کے سہولت کاروں کو پوری قوت سے بے نقاب کریں، نواز شریف کے مقدمے میں آئین اور قانون کی پامالی کو بے نقاب کیا جائے گا، اگر انصاف ہے تو نواز شریف کے ساتھ زیادتی کی چیختی شہادتیں آرہی ہیں ابھی تک ترازو کے پلڑے برابر ہوجانے چاہئیں تھے۔ مریم نواز نے کہا کہ گزشتہ چار سال میں معیشت تباہ، عوام غریب ہوئے، چار سال میں ایک کروڑ نوکری میں سے ایک نوکری اور 50 لاکھ گھروں میں سے ایک گھر عوام کو نہیں دیا، عمران خان کا 10 نمبروں کا صرف ایک نکاتی ایجنڈا ہے کہ لوٹ مار کریں، 10 نکاتی ایجنڈا نہیں 10 جھوٹ بولے ہیں، یہ جھوٹ کا ایجنڈا ہے جسے نئے نام سے پھر دوہرایا جا رہا ہے، 90 دن میں کرپشن ختم کرنے کے بجائے پاکستان میں کرپشن 14 درجے مزید بڑھ گئی تھی۔

شال بقیہ 7

اظہار خیال کرتے ہوئے قائد حزب اختلاف سینیٹر شہزاد وسیم نے وفاقی حکومت اور الیکشن کمیشن پر کڑی تنقید کی۔ سینیٹر شہزاد وسیم نے کہا کہ قوم رمضان کا چاند دیکھنے میں مصروف تھی کہ رویت ہلال کمیٹی کا چاند نظر آنے کا اعلان پیچھے رہ گیا کہ اتنے میں آدھی رات کو الیکشن کمیشن کے فیصلے کا چاند طلوع ہوا جو قوم کے لیے تاریکی لیکر آیا۔ قائد حزب اختلاف نے کہا کہ الیکشن کمیشن نے اپنے اس آدھی رات کے فیصلے میں سپریم کورٹ کے فیصلے کے خلاف اعلان کرتے ہوئے اس کی دی ہوئی تاریخ کو الیکشن کرانے سے انکار کیا اور ایک اور نئی تاریخ دے دی۔ انہوں نے کہا کہ الیکشن کمیشن پاکستان نے اپنے فیصلے میں عذر دیا کہ آئی ایم ایف الیکشن کے لیے فنڈز جاری کرنے کی اجازت نہیں دے رہا جبکہ وہ الگ بات ہے کہ عالمی مالیاتی فنڈ نے فوری طور پر ردعمل دیا کہ ہماری طرف سے اس طرح کی کوئی پابندی نہیں ہے، یہ آپ کا اپنا معاملہ ہے، آپ اپنی طرف سے فنڈز ارینج کریں۔ انہوں نے کہا کہ الیکشن کمیشن نے دوسرا عذر پیش کیا کہ سیکیورٹی صورتحال ٹھیک نہیں ہے، اسپیکر اس بات کے گواہ ہیں کہ کتنے مشکل حالات سے ملک گزرا۔ شہزاد وسیم نے کہا کہ صحافت کو ریاست کا اہم ستون مانا جاتا ہے۔

شال بقیہ 8

وزیر داخلہ رانا ثناء اللہ کے وجود کو ختم کرنے کا کوئی ارادہ نہیں، پتہ نہیں رانا ثناء اللہ صاحب کو کس نے ڈرا دیا ہے کہ کوئی آپ کا وجود ختم کرنے والا ہے۔ انہوں نے عدالت سے رانا ثناء اللہ کے بیان پر نوٹس لینے کا مطالبہ کیا۔ اسد عمر نے کہا کہ میرے اوپر 17 ایف آئی آر کی ہوئی تھیں، جوڈیشل کمپلیکس میں مجھ پر دہشتگردی کا پرچہ کٹا ہوا ہے، ان پرچوں کا حقیقت سے کوئی تعلق نہیں۔ انہوں نے کہا کہ مقدمات کی تعداد دیکھ لیں تو پتا لگ جاتا ہے جھوٹے مقدمات ہیں اور یہ جان بوجھ کر کیا جا رہا ہے، مجموعی طور تمام کیسز کے حوالے سے ہماری پٹیشن تیار ہوگئی ہے، صرف اسلام آباد کے 500 کارکنان کو گرفتار کیا گیا ہے، رہنما تحریک انصاف نے کہا کہ ساڑھے 3 سال میں مسلم لیگ ن کے کسی ایک ورکر کو اسلام آباد میں گرفتار نہیں کیا گیا، مجموعی طور پر عمران خان کے لیے مشکلات پیدا کی جارہی ہیں، عمران خان کو الیکشن مہم کیلئے روکا جا رہا ہے، ہماری پٹیشن تیار ہوگئی ہے، وہ آج یا اگلے روز دائر کردی جائے گی۔

شال بقیہ 9

انصاف کس نے دینا ہے، وہی دیں جنہوں نے نا انصافی کی ہے، ہم نے اس کا ٹوکرا اٹھا لیا ہے اور چونکہ نظر آرہا ہے عوام مہنگائی کی وجہ سے پریشان ہے یہی وقت ہے کہ ان کو دوبارہ گراؤ، پھر گرانے والا کوئی چکر نہیں ہے، ہمارا پیچھے ہٹنے کا کوئی ارادہ نہیں ہے، ہم ملک میں جوتے کھانے کے لئے پیدا نہیں ہوئے، فریٹ ٹرینوں کے کرایوں کے میں 10 سے 15 فیصد کمی کر رہے ہیں، عید الفطر اسپیشل ٹرینیں چلائی جائیں گی، 30 جون تک مزید قراقرم ایکسپریس اور کراچی ایکسپریس کو گرین لائن کی طرز پر اپ گریڈ کریں گے۔ پاکستان ریلوے ہیڈ کوارٹر میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے خواجہ سعد رفیق نے کہا کہ پاکستان ریلوے نے 100 روز کا ایک پلان بنایا ہے جس پر کام کر رہے ہیں، ہمارے پاس وسائل نہیں ہیں لیکن ریلوے کو اپنی ٹرینوں کو اپ گریڈ کرنا ہے، اگر 2017 میں کھلواڑ نہ کیا جاتا اور نظام چلتا رہتا تو ہم نے پانچ سال میں اس قابل ہو جانا تھا کہ 80 سے 90 فیصد اکانومی کو اے سٹینڈرڈ میں تبدیل کردیتے۔ لیکن میں مشورہ دے کر جاؤں گا کہ ریلوے کو اپنی ٹرینوں کو مرحلہ وار اس سطح پر لانا ہے۔ سمر سیزن ٹرینیں چلانے کا پلان کر رہے ہیں جس کے تحت عوام ایکسپریس، شالیمار اور بہاؤ الدین زکریا ٹرین چلیں گی، پشاور سے کراچی براستہ راولپنڈی ایک نئی کارگو ٹرین چلانا چاہ رہے ہیں۔

شال بقیہ 10

درخواست مسترد کردی۔ پیر کو ایوان صدر کے پریس ونگ کے مطابق صدر مملکت نے کہا کہ معاشرے میں خواتین کے ساتھ امتیازی سلوک روا رکھ کر پاکستان ترقی نہیں کرسکتا، سی ڈی اے کی جانب سے ایک جیسے کام پر مرد کو مکان دینا اور خاتون کو مکان نہ دینے کا نقطہ نظر افسوسناک ہے، مرد کو مکان الاٹ کرنا جبکہ عورت کو الاٹ نہ کرنا امتیازی سلوک ہے۔ انہوں نے سی ڈی اے کو ہدایت کی کہ وہ صنفی امتیاز کو فروغ دینے والے اپنے قوانین کو بہتر بنائے، صنفی امتیاز بانیان پاکستان، اسلام کے منصفانہ طرز عمل اور آئین کی روح کے خلاف ہے، سی ڈی اے وفاقی محتسب کے احکامات پر عمل کرے اور خاتون کی شکایت کا ازالہ کیا جائے۔ صدر مملکت نے ملازمہ کو کوارٹر الاٹ کرنے کے وفاقی محتسب کے احکامات برقرار رکھتے ہوئے کہا کہ سی ڈی اے نے ملازمہ (دھوبن) کے ساتھ امتیازی سلوک کیا ہے۔ ڈاکٹر عارف علوی نے کہا کہ اگر ضرورت ہو تو مزید وقت ضائع کیے بغیر مجاز اتھارٹی / فورم سے منظوری لی جائے۔ تفصیلات کے مطابق سی ڈی اے کی جانب سے صرف مرد دھوبیوں کو رہائشی کوارٹرز الاٹ کیے جارہے تھے۔

شال بقیہ 11

تھا ڈرپوک اور بزدل دیکھے تھے مگر آپ جیسا نہیں دیکھا خان صاحب ہاتھ میں پالش برش لیے بیچ بیچ کر پالش کرنے کا موقع مانگ رہا ہے مگر کیا کرے، بوٹ والے، بوٹ دینے کو تیار نہیں ہے 2011 میں مینار پاکستان سے جو فتنہ اٹھا تھا لاہوریوں نے اسی مینار پاکستان میں انہیں دفن کیا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ مولانا حافظ حمد اللہ نے کہا ہے کہ بلٹ پروف گاڑی سے اتر کر بلٹ پروف پنجرے میں بیٹھ کر خوف سے کانپنے والا فتنہ قوم اور نوجوانوں کو خوف کے بت توڑنے کا بھاشن دے رہا تھا ڈرپوک اور بزدل دیکھے تھے مگر آپ جیسا نہیں دیکھا 2011 میں مینار پاکستان سے جو فتنہ اٹھا تھا لاہوریوں نے اسی مینار پاکستان میں انہیں دفن کیا مینار پاکستان میں جلسہ نہیں ایک ناکام میوزیکل شو تھا، انہوں نے کہا کہ عمران خان گھنگھرو گار ہا تھا شو کے اہم سازندہ یاسمین راشد قاسم سوری وغیرہ شو چھوڑ کے چلے گئے خان صاحب ہاتھ میں پالش برش لیے بیچ بیچ کر پالش کرنے کا موقع مانگ رہا ہے مگر کیا کرے، بوٹ والے، بوٹ دینے کو تیار نہیں ہے خان صاحب جعلی مقبولیت حقیقی قبولیت کے بغیر کام نہیں آئی کام نے آزادی کا نعرہ لگا کر اسٹیٹ بینک بیچ دیا اب حقیقی آزادی کا نعرہ لگا کر ملک بیچنے کا ارادہ ہے۔

شال بقیہ 12

ہے۔ جارجیوا کے مطابق آئی ایم ایف کے تجزیے سے پتہ چلتا ہے چین میں جی ڈی پی کی نمو میں ایک فیصد پوائنٹ کا اضافہ دیگر ایشیائی معیشتوں میں اوسطاً 3,0 فیصد پوائنٹ کا اضافہ کرتا ہے۔ البتہ عالمی معیشت کے لئے ابھی بہار آنا باقی ہے۔ چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق انہوں نے کہا کہ ہمیں توقع ہے 2023 ایک اور چیلنجنگ سال ہوگا، جس میں عالمی شرح نمو 3 فیصد سے بھی کم ہوجائے گی کیونکہ کووڈ، یوکرین جنگ اور مالیاتی سختی سے معاشی سرگرمیوں پر بوجھ پڑے گا۔ 2024 کیلئے بہتر نقطہ نظر کے باوجود، عالمی ترقی اس کے تاریخی اوسط 8,3 فیصد سے بہت نیچے رہے گی۔ چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق جارجیوا نے کہا کہ کمزور عالمی معیشت میں پالیسی سازوں نے مالیاتی استحکام کے خطرات کے جواب میں فیصلہ کن کارروائی کی ہے آئی ایم ایف پیشرفت کی قریب سے نگرانی جاری رکھے گا اور سب سے زیادہ کمزور ممالک پر گہری توجہ دے گا، خاص طور پر کم آمدن والے ممالک جن پر قرض کا بوجھ زیادہ ہے۔ چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق جارجیوا نے اجلاس میں پالیسی سازوں کے لیے دو مواقع پر روشنی ڈالی۔ ایک یہ کہ پیداواری صلاحیت میں اضافہ کرکے زیادہ لچک پر مبنی ترقی کی جائے اور معیشت کو سرمایہ کاری سے دور رکھا جائے اور دوسرا سبز ترقی ہے۔ جارجیوا نے کہا کہ چین نے عالمی مشکلات سے نمٹنے میں تعمیری کردار ادا کیا ہے، جس میں غربت میں کمی اور ترقی میں اس کی شراکت اور انتہائی مقروض ممالک کی مدد کرنا شامل ہے۔ انہوں نے تمام ممالک پر زور دیا کہ وہ مزید امن خوشحالی کو فروغ دینے کے لئے مل کر کام کریں۔

شال بقیہ 13

خان کے علاوہ محکمہ انسداد دہشت گردی کی جانب سے مراد سعید، عامر کیانی، امجد نیازی، راجا خرم نواز، علی امین گنڈاپور، شبلی فراز، اسد عمر، ڈاکٹر شہزاد وسیم، فرخ حبیب، عمر ایوب، حماد اظہر، اسد قیصر، حسان خان نیازی اور عمران خان کے سی ایس او کرنل ریٹائرڈ عاصم کو تھانہ سی ٹی ڈی میں درج مقدمہ میں بلایا گیا ہے جبکہ عمران خان، اسد عمر، علی نواز اعوان اور عامر مغل جمشید خان سمیت 10 افراد کو تھانہ گولڑہ میں درج مقدمہ میں بلایا گیا ہے۔ محکمہ انسداد دہشتگردی کی جانب سے بھیجے گئے نوٹس میں کہا گیا ہے کہ تمام افراد شامل تفتیش ہوکر اپنا موقف پیش کریں بصورت دیگر قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

شال بقیہ 14

کی اشاعت کو روکنا اور قرآن پاک کی غلطیوں سے پاک پرنٹنگ، اشاعت اور ریکارڈنگ کے کام کی نگرانی کے لیے قرآن بورڈ کا قیام بھی بل کا حصہ ہے۔ اس بل میں قرآن پاک کے عربی متن کو اخبارات، میگزینز، کارڈز، ہینڈ بلز، بروشرز یا اس طرح کے کسی دوسرے ڈسپوزیبل فارم پر چھاپنے کی بھی اجازت نہیں دی جائے گی، اور صرف اس کا ترجمہ بوقت ضرورت ہی پرنٹ کیا جائے گا۔ کمیٹی نے ہدایت دی کہ قرآن پاک کے تقدس سے متعلق قوانین پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔ قائمہ کمیٹی نے اسلامی نظریاتی کونسل کو قوانین کے نفاذ کو یقینی بنانے کی بھی ہدایت کی۔ ڈی جی کونسل آف اسلامک آئیڈیالوجی نے کمیٹی کو بریفنگ دی کہ قرآن پاک اور اس کی آیات کی حفاظت اور تقدس کے لیے تمام قوانین پر عمل درآمد کیا جا رہا ہے اور ان کی خلاف ورزی کرنے والوں کے لیے جرمانے اور قید کی سزائیں کا تعین بھی کیا گیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ قرآن بورڈ ایکٹ کا مسودہ تیار ہونے کے بعد قرآن بورڈ تشکیل دیا جائے گا۔ ڈی جی سی آئی آئی نے یہ بھی کہا کہ یہ بل صوبائی سطح پر قوانین میں ترمیم کے لیے مشعل راہ کا کام سرانجام دے گا۔

شال بقیہ 15

روپے مالیاتی سہولت پر مارک اپ کی مد میں 6 ارب، 23 کروڑ، 83 لاکھ، 58 ہزار، 879 روپے فراہم کرنے کی منظوری دیدی۔ کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی (ای سی سی) کا اجلاس پیر کو وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اسحاق ڈار کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں وفاقی وزیر خرم دستگیر خان، وفاقی وزیر صنعت و پیداوار سید مرتضیٰ محمود، وزیر تجارت سید نوید قمر، وزیر مملکت ڈاکٹر عائشہ غوث پاشا، وزیر مملکت مصدق مسعود ملک، شاہد خاقان عباسی، معاون خصوصی طارق محمود پاشا، معاون خصوصی جہانزیب خان، وزیر اعظم کے رابطہ کار بلال اظہر کیانی، رانا احسان افضل، وفاقی سیکرٹریز اور دیگر اعلی حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں وزارت توانائی کی جانب سے ریکوڈک پراجیکٹ کے تصفیے میں حکومت بلوچستان کے حصے کے حوالہ سے سمری پیش کی گئی۔ ای سی سی نے 31 مارچ 2022 سے 30 دسمبر 2022 تک کی مدت کے لیے نیشنل بینک آف پاکستان کو مختصر مدت کے 65 ارب مالیاتی سہولت پر مارک اپ کی مد میں 6 ارب، 23 کروڑ، 83 لاکھ، 58 ہزار، 879 روپے فراہم کرنے کی منظوری دیدی۔

شال بقیہ 16

پر اقدامات اٹھانے ہوں گے، اسرائیلی مظالم کا سلسلہ بڑھ رہا ہے اور اسرائیل عالمی قوانین اور قراردادوں کو تسلیم نہیں کر رہا ہے اور یہی صورتحال مقبوضہ کشمیر میں ہندوستان کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ فلسطین اور کشمیر کے مسئلہ پر اسلامی تعاون تنظیم او آئی سی (OIC) کا موقف واضح ہے۔ اسلامی تعاون تنظیم میں شامل ممالک کو مکمل اتحاد کے ساتھ ان مسائل کا حل کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ رمضان المبارک کی آمد کے ساتھ ہی اسرائیلی اور ہندوستانی مظالم کا سلسلہ بڑھ جاتا ہے، اسرائیل نئی آبادیاں قائم کرنے کے معاملے پر عالمی قوانین کو روند رہا ہے جبکہ ہندوستان کی طرف سے بھی مقبوضہ کشمیر میں مسلسل ظلم و ستم کا سلسلہ جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایران سعودی عرب تعلقات کی بحالی امت مسلمہ کیلئے خیر کی خبر ہے اور اس میں پاکستان کے عظیم دوست چین کا کردار قابل ستائش ہے۔ سعودی عرب، چین اور روس کو فلسطین اور کشمیر کے مسئلے پر بھی اپنا بھرپور کردار ادا کرنا چاہیے۔

شال بقیہ 17

سوال کیا کہ رانا ثناء اللہ نے کہا ہے یا وہ رہیں گے یا ہم رہیں گے؟۔ عمران خان نے جواب دیا کہ خواہش تو یہی ہے دونوں رہیں لیکن اگر وہ کہہ رہے ہیں تو میں یہی کہوں گا وہ نہیں رہیں گے، اگر آج معلوم پیچھے ہوجائیں تو یہ حکومت ختم ہوجائے، سیاستدانوں کے لیے مذاکرات کے دروازے ہمیشہ کھلے ہوتے ہیں، جو ایمپائر کو ساتھ ملا کر کھیلتے رہے ہیں ان کو لیول پلیئنگ فیلڈ کا کیا پتا۔ انہوں نے کہا کہ مذاکرات ہو سکتے ہیں تاہم ون پوائنٹ ایجنڈا ہے کہ الیکشن کروائیں، یہ تو امپائر ساتھ ملا کر کھیلتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں رول آف لاء ختم ہوچکا ہے، اظہر مشوانی کو اغوا کیا گیا ہے اور حسان کی ضمانت ہوئی اسے پھر گرفتار کرلیا گیا۔

شال بقیہ 18

سریاب و دیگر محلے نے کارروائی کرتے ہوئے وحید احمد ولد علی محمد سکنہ کٹ عادی اشتہاری ملزم بلال احمد ولد عبدالحمید سکنہ کلی شاہوانی کوئٹہ، عبدالرحمان ولد عبدالرزاق قوم سکنہ سریاب کوئٹہ، مظفر ولد محمد رمضان، سکندر ولد عبدالکریم سکنہ کلی سردہ کوئٹہ، عرفان ولد عبدالکریم سکنہ کلی سردہ کوئٹہ، محمد ایوب ولد عبدالکریم سکنہ کلی سردہ کوئٹہ شامل ہیں کو گرفتار جبکہ چوری شدہ موٹر سائیکل نمبر MW:2805 برآمد کرلی مزید تفتیش جاری ہیں۔

شال بقیہ 19

ساتھ دھماکہ خیز مواد پھٹنے سے چھ عام شہری جاں بحق اور تین طالبان اہلکاروں سمیت کئی افراد زخمی ہوئے۔ کسی نے دھماکے کی ذمہ داری قبول نہیں کی۔ یاد رہے کہ جنوری میں وزارت خارجہ کے باہر ایک خودکش دھماکے میں دس افراد جاں بحق اور درجنوں زخمی ہوئے تھے۔ داعش نے اس دھماکے کی ذمہ داری قبول کی تھی جس میں وزارت خارجہ کے افسران بھی جاں بحق ہوئے تھے۔

شال بقیہ 20

احمد صدر مسلم لیگ (ن) سینئر نائب صدر محمود اختر ڈوگر، صدر ریاض ریگن عدنان اقبال بٹ اور مسلم لیگ مدینہ منورہ کے صدر جاوید اقبال بٹ، و دیگر عہدیداران اور ممبر مجلس عاملہ اور کمیونٹی کے لوگ بڑی تعداد میں شریک ہوئے۔ اس موقع پر مقررین نے سابق وزیر سردار محمد یوسف کو 2013 سے 2018 میں بطور وزیر مذہبی امور بہترین خدمات سر انجام دینے پر زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ اس موقع پر سردار محمد یوسف نے کہا کہ نواز شریف جلد واپس آئیں گے ان کے واپس آنے سے پارٹی میں نئی جان آئے گی اور ووٹ بینک بھی بڑھے گا۔ انہوں نے کہا کہ بیرسٹر امجد ملک نے جدید خطوط پر مسلم لیگ (ن) اوورسیز انٹرنیشنل افیئرز کو مربوط اور ہم آہنگ کیا ہے۔ اس موقع پر بیرسٹر امجد ملک نے کہا کہ سردار محمد یوسف نے بطور وزیر مذہبی امور بہترین خدمات سرانجام دیں، لوگ آج بھی سابق وزیر سردار یوسف کو دعائیں دیتے ہیں۔

شال بقیہ 21

دستاویزات کے بغیر ترکیہ اور یورپی ممالک پہنچنا چاہتے تھے، ان افراد کو ایران کے مختلف شہروں سے گرفتار کیا گیا ہے مزید بتایا کہ زیر حراست افراد کو مزید تفتیش کے لیے وفاقی تحقیقاتی ادارے ایف آئی اے کے حوالے کردیا خیال رہے کہ 13 مارچ ایرانی حکام نے 77 غیرقانونی پاکستانی تارکین وطن کو ضلع چاغی کے قریب میر جاوہ تفتان بارڈر کے ذریعے ملک بدر کیا تھا اس سے قبل 19 فروری کو بھی ایرانی حکام نے ضلع چاغی کے قریب میر جاوہ تفتان سرحد سے مزید 85 غیرقانونی پاکستانی تارکین وطن کو ملک بدر کیا تھا۔

شال بقیہ 22

وجہ سے صارفین کی مشکلات میں اضافہ ہو گیا ہے، خواتین کو سحر و افطار کیلئے کھانا پکانے میں دشواری کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ کوئٹہ میں صارفین کو گیس کی سہولت میسر نہیں ایندھن کے متبادل ذرائع کے طور پر استعمال ہونے والی ایل پی جی گیس کی قیمتوں میں بھی اضافہ کردیا گیا ہے۔ شہر میں ڈھائی کلو سلنڈر 1300 سے 1900 جبکہ 5 کلو ایل پی جی گیس کے سلنڈر کی قیمت 1600 سے 2800 روپے تک پہنچ گئی ہے۔ فی کلو ایل پی جی کی قیمت میں 240 روپے اضافے سے صارفین کی مشکلات مزید بڑھ جاتی ہیں۔ دکاندار کہتے ہیں کہ پیٹرول ڈالر اور خام مال کی قیمتوں میں اضافے کے باعث سلنڈر مہنگے ہوئے ہیں شہریوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ گیس کی بلاتعطل فراہمی اور لائنوں میں پریشر کو بہتر بنانے کیلئے عملی اقدامات اٹھائے جائیں تاکہ رمضان المبارک کے مہینے میں ان کی مشکلات کم ہوسکیں۔

شال بقیہ 23

اسسٹنٹ سب انسپکٹر محمد برسات رونجھو کے ہمراہ کامیاب کارروائی کرتے ہوئے تارچوری کے چار مقدمات میں اشتہاری مجرم ندیم ولد جان محمد سکنہ جنار اوتھل کو گرفتار کرکے تفتیش شروع کردی ہے۔

شال بقیہ 24

کی نئی ڈیجیٹل لیب بھی سکول میں عملی طور پر فعال ہے جو لڑکیوں کو تعلیم فراہم کررہی ہے گوادر پورٹ حکام کے مطابق گوادر میں چین پاکستان گورنمنٹ مڈل سکول فقیر کالونی لڑکیوں کی تعلیم کے فروغ کے لیے نمایاں طور پر ابھرا ہے جو اقوام متحدہ کے عالمی اہداف اور بی آر آئی کے مقاصد کو پورا کرتا ہے، سکول کی ترقی میں چین کی شراکت نے چین اور مقامی کمیونٹی کے درمیان خلیج کو ختم کرنے میں مدد کی ہے انہوں نے کہا کہ گوادر کے لوگوں نے بہترین تعلیم کی خواہش کی تھی اور چین نے اس خواہش کو پورا کیا، 1,600 مربع میٹر کے رقبے پر محیط یہ مڈل سکول دو مدرسی عمارتوں اور معاون سہولیات سے لیس ہے۔ یکم ستمبر 2016 کو سابق وزیر اعظم نواز شریف نے گوادر کا دورہ کیا اور اس وقت کے چینی سفیر سن ویڈونگ کے ساتھ مل کر سکول کا افتتاح کیا، یہ بیک کے تحت مکمل ہونے والا ابتدائی منصوبوں میں سے دوسرا منصوبہ تھا۔

شال بقیہ 25

تشویشناک حد اضافہ ہونے کی وجہ سے تاجر برادری سخت پریشانی سے دوچار ہے گزشتہ رات پی آئی ایس پی کی آفس پر بھی چوروں نے لاکھوں روپے لے اڑے مگر انتظامیہ خواب خرگوش میں سورہی ہے عوامی حلقوں نے دالبندین پولیس کی کارکردگی پر سخت افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا دالبندین ایک پرامن شہر تھا اچانک چوری کی وارداتوں میں اضافہ ہوا اور پولیس کی جانب سے چوروں کی سرکوبی کے لئے اقدامات کا نہ ہونا انتہائی افسوسناک عمل ہے تاجر برادری اور عوامی حلقوں نے آئی جی پولیس بلوچستان سے مطالبہ کیا ہے دالبندین سٹی میں یکدم چوری کی وارداتوں میں اضافہ ہونے کا نوٹس لیکر ماہ صیام میں عوام اور تاجر برادری کی تحفظ کو یقینی بنایا جائے۔

شال بقیہ 26

ہے۔ گوادر پرو کے مطابق چینی ہائبرڈ سویابین کی پٹی انٹر کراپنگ ٹیکنالوجی کو 2018 میں پاکستان میں ڈاکٹر محمد علی رضا نے متعارف کرایا تھا، جو ایک پوسٹ ڈاکٹر ہیں جنہوں نے سچوان ایگریکلچرل یونیورسٹی (SAU)، چین سے گریجویشن کیا اور اب این آر سی آئی کے ڈائریکٹر کے طور پر کام کر رہے ہیں۔ 2022 کے موسم بہار میں 400 ایکڑ اراضی کے مقابلے میں اس سیزن میں مظاہرے کے رقبے میں گزشتہ سال کی نسبت 175 فیصد اضافہ ہوا ہے، یہ واقعی ایک بہت بڑا اقدام ہے۔ ڈاکٹر محمد علی رضا نے گوادر پرو کو بتایا کہ اس سال ہم نے تین صوبوں یعنی پنجاب، سندھ، اور کے پی کے میں مظاہروں کا اہتمام کیا ہے، اور این آر سی آئی کی طرف سے منعقد کیے گئے مظاہروں کی کل تعداد 71 ہے۔ مزید خاص طور پر پنجاب میں مکئی اور سویابین کی پٹی کے انٹر کراپنگ ٹرائلز 50 مختلف مقامات پر کیے جا رہے ہیں، جن میں خیرپور ٹامیوالی، بہاولپور، پاکپتن، وہاڑی، گوجرہ، شیخوپورہ، لیہ، لودھراں وغیرہ شامل ہیں۔ بدین، حیدرآباد، ٹنڈو جام، جام شورو وغیرہ کے پی کے میں، چارسدہ، صوابی اور مردان میں 6 مظاہروں کا اہتمام کیا گیا ہے۔

شال بقیہ 27

ساتھ اسلام آباد ہائی کورٹ جارہے تھے، انہیں بغیر کسی جرم کے گرفتار کرلیا گیا ہے اور غالباً ارمنا تھانے لے جایا گیا ہے، پھر ہم اسلام آباد پولیس پر تنقید کریں تو ہمیں ٹارگٹ کیا جاتا ہے۔ علاوہ ازیں پی ٹی آئی کے آفیشل ٹوئٹر اکاؤنٹ سے پی ٹی آئی کارکنان کو شہری لباس میں ملبوس افراد کے ہاتھوں حراست میں لیے جانے کی ویڈیوز بھی شیئر کی گئیں۔ پی ٹی آئی کی جانب سے کہا گیا کہ یہ شرمناک ہے کہ اسلام آباد میں پی ٹی آئی کارکنان کو کس طرح گرفتار کیا گیا، وہ لوگ جنہوں نے وردی بھی نہیں پہنی ہوئی وہ کیوں ہمارے لوگوں کو قیدیوں والی وین میں ڈال رہے تھے۔ دوسری جانب ایس ایس پی حسن وٹو نے بتایا کہ پولیس نے اب تک پی ٹی آئی کے 13 کارکنان کو گرفتار کیا ہے۔

شال بقیہ 28

زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ شب ضلع لسبیلہ کے صدر مقام اوتھل سے تقریباً 135 کلومیٹر دور کوسٹل ہائی وے پر معروف ساحلی تفریحی مقام کنڈ ملیر کے مقام پر کوچ اور ٹرک حادثہ کوچ اور ٹرک میں تصادم کے نتیجے میں 6 افراد زخمی جن میں 2 شریف اور نزیر کی حالات تشویشناک بتائی جارہی ہے۔ ذرائع کے مطابق کوچ میں ڈیزل لوڈ تھا اور گوادر سے کراچی جارہی تھی کہ مخالف سمت سے آنے والے ٹرک سے تصادم ہوگیا۔ زخمیوں کو 1122 ایمبولینس کے ذریعے اوتھل DHQ ہسپتال اوتھل منتقل جب کہ شدید زخمیوں کو کراچی ریفر کردیا گیا۔

شال بقیہ 29

اور گرج چمک کے ساتھ وقفے وقفے سے مزید بارش کی پیش گوئی کردی۔ محکمہ موسمیات کے مطابق مغربی ہوائیں منگل کو ملک کے مغربی علاقوں میں داخل ہوں گی جو 29 مارچ کو ملک کے بالائی اور وسطی علاقوں تک پھیل جائیں گی اور 31 مارچ تک بالائی علاقہ جات میں موجود رہیں گی جس کے بعد 28 مارچ سے 31 مارچ تک کوئٹہ، نوکنڈی، دالبندین، ژوب، بارکھان، ہرنائی، قلعہ سیف اللہ، چمن پشین، سبی، لورالائی، قلات، خضدار، لسبیلہ، پنجگور، آواران اور کیچ میں تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش اور چند مقامات پر موسلا دھار بارش اور ژالہ باری کا بھی امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق تیز ہواؤں، ژالہ باری کے باعث فصلوں اور کمزور انفرا اسٹرکچر کو نقصان اور ندی نالوں میں طغیانی کا خطرہ ہے۔ محکمہ موسمیات نے بارش کے دوران سیاحوں اور تمام متعلقہ اداروں کو الرٹ رہنے کی ہدایت کی ہے۔

شال بقیہ 30

کوئٹہ روڈ عوامی نیشنل پارٹی کے آفس کے سامنے نامعلوم افراد کی فائرنگ سے محبوب خان اتمانخیل جاں بحق ہوگیا۔ پولیس نے لاش کو تحویل میں لیکر ہسپتال منتقل کردیا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کردی گئی مزید کارروائی جاری ہے۔

شال بقیہ 31

کروائی گئی۔ ترجمان ریلوے پولیس کے مطابق پیر کو کوئٹہ کے علاقے جوائنٹ روڈ پر ریلوے پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ناجائز قابضین کے خلاف اینٹی انکروچمنٹ آپریشن کے دوران روڈ پر واقع ریڑیاں، چھپرے وغیرہ کو ریلوے اراضی سے ہٹا کر ریلوے کی 7850 فٹ کمرشل اراضی قبضہ آوروں سے واگزار کروائی گئی۔ ترجمان کے مطابق اراضی کی قیمت کم و بیش آٹھ کروڑ اٹھاسٹھ لاکھ ننانوے ہزار پانچ سو روپے بنتی ہے۔

شال بقیہ 32

سیارے ایک ساتھ نظر آئیں گے۔ ماہرین فلکیات کے مطابق، عطارد، زہرہ، مریخ، مشتری اور یورینس چاند کے نیچے گولائی میں نظر آئیں گے۔ ماہرین نے بتایا کہ تمام سیارے آسمان پر موتیوں کے ہار کی طرح دکھائی دیں گے اور ہفتے کو غروب آفتاب کے بعد ان پانچ سیاروں کا نظارہ زیادہ واضح ہوگا جسے آئندہ دو ہفتے تک دیکھا جاسکے گا۔ ماہرین فلکیات کے مطابق سیاروں کے ایک ساتھ نظر آنے کا منظر ہر چند سال بعد ہوتا ہے۔ ماہرین نے بتایا کہ زیادہ تر سیاروں کو عام آنکھ سے دیکھنا ممکن ہوگا تاہم کچھ سیارے دوربین کے بغیر دکھائی نہیں دیں گے۔

شال بقیہ 33

کردیا گیا ہے لیویز ذرائع کے مطابق اتوار اور پیر کی درمیانی شب بوقت تقریباً 11 بجے اطلاع ملی کہ منگیر محمود گبرام روڈ پر ایک شخص کی نعش ملی جس کو نامعلوم افراد نے فائرنگ کرکے قتل کردیا اطلاع ملتے ہی ایس ایچ او لیویز تھانہ منگیر علی اصغر بنگلزئی و دیگر لیویز فورس موقع پر پہنچ کر نعش کو میڈیکل معائنہ کے لئے آر ایچ سی مندے حاجی منتقل کیا گیا جسکی پہچان نہیں ہوسکی ہے مزید تفتیش لیویز کررہی ہے۔

شال بقیہ 34

کے مطابق پسنی کے سمندر میں صوبہ سندھ سے تعلق رکھنے والی ماہی گیری لانچ ڈوب گئی اطلاع کے مطابق الاقرا نامی لانچ پسنی سے سات کلومیٹر دور گہرے سمندر میں ڈوب گئی لانچ میں ٹوٹل دس ماہی گیر موجود تھے جنہیں دوسری لانچ کے عملے نے بچالیا ڈوب جانے والے لانچ کا تعلق کراچی سندھ سے بتایا جاتا ہے۔

شال بقیہ 35

کرنے کے لیے کوشاں ہوں اور اپنے عوام کے ہر درد دکھ میں شریک ہوں ان خیالات کا اظہار رکن صوبائی اسمبلی ثنا بلوچ نے پریس کلب خاران کے صدر سعید مشکزئی سے فون پر بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ آج بھی خاران کے دور دراز علاقوں کے نادار مریضوں کے لیے چار مزید ایمبولینس خاران روانہ کردیا گیا ہے ان ایمبولینس سے خاران کے ہر نادار مریض استفادہ حاصل کر سکتے ہیں اور میں کوشاں ہوں کہ خاران کے عوام کو ہر سہولت ان کی دہلیز پر پہنچاؤں اور عوام کے تعاون سے انشاءاللہ میں اپنے مشن میں کامیاب ہو جاؤں گا انہوں نے کہا دیگر شعبوں کی طرح صحت کا شعبہ اہم ہے اس شعبے پر توجہ کی ضرورت ہے اس سلسلے میں صوبائی حکومت نے میرے درخواست پر 4 مزید ایمبولینس فراہم کی ہیں کیونکہ خاران جو کہ رخشان ڈویژن کا ہیڈ کوارٹر ہونے کی وجہ سے ایمبولینس کی اشد ضرورت تھا اس لئے خاران میں 4 ایمبولینس کی فراہمی سے مریضوں کے مشکلات میں کسی حد تک کمی آسکتی ہیں اور میری یہی کوشش رہی ہے ہر شعبہ میں خاطر خواہ اقدامات ہوسکیں تاکہ عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف مل سکیں۔

شال بقیہ 36

کے تاطلے یہ خدشہ ہے کہ اگر درخواست گزار کو ضمانت قبل از گرفتاری نہ دی گئی تو ان کے سیاسی مخالفین اپنے مذموم سیاسی عزائم جاری رکھ سکیں گے۔ پیر کو سابق وزیراعظم عمران خان کی درخواست پر چیف جسٹس عامر فاروق اور جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب پر مشتمل اسلام آباد ہائی کورٹ کے ڈویژن بینچ نے سماعت کی۔ سماعت کے آغاز پر عمران خان کے وکیل نے کہا کہ درخواستوں پر بائیو میٹرک کا اعتراض لگایا گیا ہے، عمر 60 سال سے زائد ہوجائے تو مشکل ہوتا ہے۔ اس پر جسٹس عامر فاروق نے استفسار کیا کہ کیوں؟ 60 سال کے بعد انگوٹھے کا نشان غائب ہوجاتا ہے؟، ابھی تو بہت آسان ہے، کسی بھی ایزی پیسہ دکان سے بائیو میٹرک کرا کر جمع کرائیں۔

شال بقیہ 37

میں ذلیل و خوار ہو کر بھی آٹا نہیں ملتے ہیں بلوچستان کی عوام کو ظلم کی چکی میں پسا جارہا ہیں بلوچستان کو گندم نہ ملنے کی باعث ایک بوری 14000 روپے تک پہنچ چکی ہیں آٹا غریب کی قوت خرید سے باہر ہو چکا ہے انہوں نے کہا کہ پورے بلوچستان کو دو ہزار بوری سرکاری آٹا دیا جاتا ہے وہ بھی چند مافیاز کی گوداموں تک محدود ہے ایک پوائنٹ پر آٹا پارسل کے لئے سینکڑوں مرد و خواتین لائنوں میں لگ کر آٹے کے حصول کیلئے ذلیل و خوار ہو رہے ہیں حکومت کے اس اقدام سے خواتین اور بوڑھوں کا احترام و تقدس پامال ہو رہا ہے حکومت نے معزز عوام کو بھکاری بنا رہے ہیں۔

شال بقیہ 38

کا کہنا تھا کہ ہمارے ماہی گیروں کو سکیورٹی خدشات کے سبب سمندر میں جانے کی اجازت نہیں دی جاری، فیملیز کو کئی دن تک بغیر کسی مناسب غذا کے رہنا پڑتا تھا انہوں نے مزید کہا کہ لیکن مولانا ہدایت الرحمن کی سربراہی میں ہونے والے مظاہرے کے بعد متعلقہ حکام نے ماہی گیروں کو تھوڑا ریلیف دیا، اب ہم اس قابل ہیں کہ اپنی بنیادی ضروریات پوری کرسکتے ہیں عام طور پر زیتی کے نام سے پہچانی جانے والی نے بتایا کہ مولانا نے گوادر کے باشندوں کے لیے آواز بلند کی، جنہیں بڑے پیمانے پر حکام کی جانب سے نظرانداز کیا جاتا تھا جبکہ ان کو ترقی دینے کا منصوبہ بھی شروع کیا جارہا تھا ایک دوسری خاتون اور حق دو تحریک کی رکن زرگل بلوچ خواتین کے مارچ کی منتظمین میں سے ایک ہیں انہوں نے افسوس کا اظہار کیا کہ ریاست شہریوں کی بنیادی ضروریات جیسے پانی، بجلی، تعلیم اور صحت کی سہولیات فراہم کرنے کی زحمت گوارا نہیں کرتی ان کا کہنا تھا کہ سب سے خطرناک پیش رفت غیر قانونی ٹرالنگ ہے کیونکہ یہ مچھلی کے تمام ذخیرے کو ختم کر رہی ہے اور ماہی گیروں کے لیے کچھ نہیں بچا۔

شال بقیہ 39

تحصیل کے سیاسی صف بندی پارٹی امور علاقائی معاملات پر تفصیلی گفتگو اور مشاورت ہوئی۔ اس موقع پر چیف آف جھالاوان نواب ثناء اللہ خان زہری نے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے عوام تبدیلی چاہتے ہیں ہم انشاءاللہ بلوچستان میں ایک حقیقی تبدیلی لاکر یہاں کے عوام کے بھرپور خدمت کریں گے پاکستان پیپلز پارٹی عوامی امنگوں کا ترجمان جماعت ہے حالیہ بلدیاتی الیکشن میں بلوچستان کے عوام نے پارٹی امیدواروں پر اعتماد کا اظہار کرکے تاریخی کامیابی دلائی پارٹی کے بلدیاتی نمائندے عوامی اعتماد پر پورا اترنے کی کوشش کریں گے۔ ملاقات میں نامزد امیدوار برائے چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل خضدار حاجی صلاح الدین زہری معروف شخصیت نظامی میر عبدالغنی زہری عبدالخالق زہری بھی موجود تھے۔

شال بقیہ 40

عمرا چکزئی، حبیب الرحمن بازئی، ملک عمر کاکڑ، نظام عسکر، ڈاکٹر حسین کاسی، ملتان خان بڑیچ، سردار ادریس بڑیچ نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کیا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ 4 اپریل 2023 مردم شماری کا آخری دن ہے اس تاریخ تک مردم شماری کا مرحلہ مکمل ہونا ناممکن ہے کیونکہ اب بھی ایسے کئی علاقے ہیں جہاں خانہ شماری کا کام اب تک مکمل نہیں ہوا اور مردم شماری کا کام تو اس سے بھی زیادہ مشکل ہے جس کیلئے مزید وقت انتہائی ضروری ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ Big بلاکس یعنی ایسے بلاکس بھی ہیں جن میں عمارتوں کی تعداد تقریباً دو ہزار کے قریب بھی ہیں اور ان بلاکس کی مردم شماری صرف چند دنوں میں نہیں کی جاسکتی۔ اسی طرح بعض علاقوں میں سپروائزر، Enumerators کو ٹرانسپورٹ نہیں دیا جارہا۔

شال بقیہ 41

مالکان، مصالحہ جات، پھل و سبزی فروش بھی ہاتھ دھونے لگے ہیں جنہوں نے تمام اشیا کی قیمتوں کو عوام کی پہنچ سے کوسوں دور کردیا ہے جبکہ اس سلسلے میں عوام کو ریلیف فراہم کرنے کیلئے صوبائی و ضلعی سطح پر کیے گئے وعدے ابھی تک وعدے ہی ثابت ہوسکے ہیں کیونکہ شہر میں پرائس کنٹرول کمیٹی کی عدم توجہی کی وجہ سے مذکورہ بالا تمام اشیا کی خود ساختہ قیمتیں سرعام چل رہی ہے۔

شال بقیہ 42

کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ موجودہ وقت میں بدترین مہنگائی نے انسانوں کی کمر توڑ دی ہے۔ اس صورتحال میں کاروباری اور درمیانے طبقے کے لئے بھی گزارا مشکل ہوگیا ہے غریب تو بھوک اور پیاس کی زندگی گزارنے پر مجبور ہیں۔

شال بقیہ 43

سکتے ہیں۔ جدید واٹس ایپ چیٹ بات پر صارفین کو اپنی سہولت کے مطابق اردو یا انگریزی زبان کے مینو کے انتخاب کا اختیار حاصل ہوگا، جس سے انہیں مختلف خدمات کے ایک وسیع مجموعے تک چوبیس گھنٹے باسہولت رسائی حاصل ہوگی۔

شال بقیہ 44

ناپید ہوتا جارہا ہے شکاریوں کو ضلعی انتظامیہ گرفتار کرکے ان کے سامان کو قبضے میں لیا جائے، بلوچستان ژوب و شیرانی میں شکار پارٹیوں کے آنے پر مکمل پابندی لگائی جائے لہذا عوام سے پر زور اپیل کرتے ہیں کہ کونج کی شکار سے گریز کریں اور ژوب و شیرانی ضلعی انتظامیہ سے اپیل ہے کہ شکاریوں کے خلاف کارروائی کی جائے۔

شال بقیہ 45

کو (بروز منگل) سریاب گرڈ اسٹیشن کے اولڈ سیٹلائٹ ٹاؤن فیڈر سے دن 12 بجے تا سہ پہر 3 بجے جبکہ 29 مارچ کو (بروز بدھ) سریاب گرڈ اسٹیشن کے منی مارکیٹ فیڈر سے دن 12 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔ تاہم کیسکو نے اس دوران بجلی کی بندش پر زحمت کیلئے متعلقہ صارفین سے پیشگی معذرت کی ہے۔

شال بقیہ 46

لگائے اس دوران مختلف این جی اوز نے عوام کو ریلیف پہنچانے کے لئے بڑے اقدامات کرکے تھے تو ہم نے اپنی بساط میں رہ کر کیمپس میں غریب مالداروں کی خدمت کی اور انہیں بروقت خوراک اور ویکسین جاری رکھی اور اب بھی این جی اوز کی جانب سے متاثرہ خاندانوں کے جانوروں کو محفوظ بنانے کے لئے اقدامات کریں گے اور میری ان مال مویشی پالنے والے خاندانوں سے گزارش ہے کہ وہ جب بھی نیا جانور مویشی منڈی سے خریدے تو لازماً ویکسین کروائے تاکہ آپ کے قیمتی جانور بیماریوں سے بچ سکے ہمارے ہاں تعلیم کا فقدان ہے کسی کا بھی کوئی بھی جانور بیمار ہوتا ہے وہ فوراً اپنے جانور کو قریبی حیوانات ہسپتال میں لے جائے تاکہ بروقت ان کا علاج ممکن ہوسکے۔

شال بقیہ 47

کیلئے انہیں ذہنی کوفت میں مبتلا کیا گیا ہے۔ اس لئے تنخواہوں کی ادائیگی میں روڑے اٹکائے جارہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہم میٹروپولیٹن کے تمام ملازمین دوسری تنظیموں سے بات چیت کرکے ایک منظم اور بھرپور احتجاج کا راستہ اختیار کریں گے۔

شال بقیہ 48

نہیں کریں گے۔ یہ بات انہوں نے پاکستان غریبوں کی پارٹی کے کارکنوں کے ایک وفد سے ملاقات کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ ڈاکٹر قاسم بلوچ نے کہا کہ موجودہ حکمران اور سیاسی جماعتیں عوام کے مسائل حل کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتیں عوام آٹے کیلئے پریشان ہیں اور مہنگے داموں آٹا خریدنے پر مجبور ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ماہ رمضان المبارک کے آتے ہی کوئٹہ شہر میں گیس غائب ہوگئی ہے جس نے عوام کی پریشانی میں اضافہ کردیا ہے اور عوام احتجاج کررہے ہیں لیکن حکمران اور سوئی سدرن گیس کمپنی کے کانوں پر جوں تک نہیں رینگ رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کو 75 سالوں سے قوم پرست، مذہب پرست جماعتوں نے پسماندگی کے سوا کچھ نہیں دیا صوبے کے عوام آج بھی بنیادی سہولیات سے محروم ہیں۔

شال بقیہ 49

سید کرم اللہ شاہ نے کہا ہے کہ پرائس کنٹرول کمیٹی اور ضلعی انتظامیہ آسمان سے باتیں کرنے والی مہنگائی کو زمین پر لانے میں کردار ادا کریں رمضان المبارک کے دوران تحصیل چھتر اور تحصیل میر حسن خان کھوسہ میں مہنگائی کو پر لگ گئے غریب عوام سحر و افطار کے لیے پریشان ہیں۔

شال بقیہ 50

طرف روانہ ہوتے ہیں بدقسمتی سے ہندوستان نہ روس میں کونج پرندوں کا شکار ہوتا ہے کیونکہ یہ ایک نایاب پرندوں کا نسل ہے کچھ عرصہ پہلے خیبر پختونخوا سے تعلق رکھنے والے لوگ ضلع ژوب میں کونج کے شکار کرتے تھے بدقسمتی سے مقامی لوگوں نے شکار کا طریقہ کار سیکھنے کے بعد کونج جیسے قیمتی پرندوں کا بلا روک ٹوک نسل کشی شروع کر رکھا ہے اور باقاعدہ کاروبار بنایا ہے ایک جوڑی کونج 20 ہزار سے لے کر 1 لاکھ تک بکتے ہیں اب یہ شکار نہیں منافع بخش کاروبار بنا دیا ہے دریائے ژوب کا شکاری ایریا کمشنر ڈپٹی کمشنر آفس سے صرف 2 کلومیٹر کے فاصلے پر ہے اور برائے نام دفعہ 144 نافذ کیا ہے لیکن 20 دن سے مسلسل کونج پرندوں کی شکار کا سلسلہ جاری ہے رات کے وقت درجنوں پارٹیاں خشت بینوں کلی اپوزئی کلی طور کے قریب مقامی لوگ رات بھر شکار کرتے ہیں اور دفعہ 144 کی دھجیاں اڑتے دیکھائی دیتے ہیں۔

شال بقیہ 51

کو مہر بھی نہ لگاتے اور نہ ہی گوشت چیک کرتے جسکی وجہ سے مختلف قسم کے بیماریوں کے پھیلنے کا خدشہ دوسرے علاقوں میں روزانہ کی بنیاد پر قصابوں کے گوشت چیک کرنے کیلئے باقاعدہ محکمہ کے اہلکار جاتے چیک کرکے مہر لگاتے لیکن نال میں مہر لگانے دور چیک بھی نہ کرتے عوامی حلقوں نے ڈی سی خضدار اے سی نال سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا۔

شال بقیہ 52

ضرورت مندوں، غریبوں، محتاجوں، معذوروں، مفلسوں اور روزہ داروں کا استحصال نہیں کرسکتا پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صوبائی ڈپٹی سیکریٹری اطلاعات ساجدہ ڈھنگوئی نے کہا ناجائز منافع خور دنیا کماتے کماتے اپنی آخرت کو خراب نہ کریں۔

شال بقیہ 53

عکسی نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ انھوں نے سیڈ فارم کے سرکاری اراضی پر 400 ایکڑ پر گندم کاشت کیا جواب پک کر تیار ہوگیا تھا چند روز کے بعد کٹائی شروع کرنا تھا اچانک شدید ژالہ باری نے تمام فصل کو تباہ کردیا انھوں نے اپنے جیب سے کسانوں کی سہولت کے لیے بیج اور کھاد ڈالا تھا سب ضائع ہوگیا کسان کا سال بھر کا نان نفقہ یہی فصل تھا جو اب ختم ہوگیا کسانوں نے وزیر اعلی بلوچستان وزیر و سیکرٹری زراعت اور اعلی حکام سے نوٹس لینے اور ہونے والے نقصان کے ازالہ کرنے کی اپیل کی ہے۔

شال بقیہ 54

جائے جس پر ایس ایچ او اوتھل یار محمد کمانڈو نے پولیس پارٹی اسسٹنٹ سب انسپکٹر محمد برسات رونجھو کے ہمراہ کامیاب کارروائی کرتے ہوئے تارچوری کے چار مقدمات میں اشتہاری مجرم ندیم ولد جان محمد سکنہ جنار اوتھل کو گرفتار کرکے تفتیش شروع کردی ہے۔

شال بقیہ 55

گندم کی پیداوار کے حوالے سے خاصی اہمیت کا حامل ہے اس سال نصیر آباد ڈویژن سے حکومت دس لاکھ گندم کی بوریاں خریدے گی فنڈز کا اجراء ہوچکا ہے چار روز دن میں 23 خریداری سینٹرز قائم کیے گئے ہیں ڈویژن کے تمام اضلاع میں گندم کی نقل و حمل پر پابندی عائد کرکے دفعہ 144 نافذ کردیا گیا ہے ایک اندازے کے مطابق نصیر آباد ڈویژن میں ایک کروڑ گندم کی بوریوں کی پیداوار حاصل ہوتی ہے جس میں سے صوبائی حکومت عوام کی خوراک کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے صرف دس لاکھ گندم کی بوریاں خریدے گی کاشتکاروں کو چاہئے کہ وہ اپنی گندم حکومت بلوچستان کو فروخت کریں حکومت کی جانب سے اس مرتبہ آسان شرائط ترتیب دیئے گئے ہیں تاکہ گندم فروخت کرنے کے حوالے سے کاشتکاروں کو مشکلات درپیش نہ آسکیں محکمہ خوراک کاشتکاروں سے صاف اور معیاری گندم کی خریداری کو یقینی بنائے گی۔

شال بقیہ 56

ہونے اور لوڈ شیڈنگ کے باعث دن کے اوقات میں کام کرنے میں مشکلات پیش آتی ہے جبکہ افطار سے لے کر سحری تک مسلسل کام کرکے وہ بمشکل پہلے سے لیا ہوا آرڈر ہی پورا کرسکیں گے دوسری جانب شہریوں کا کہنا ہے کہ درزیوں نے دکانوں کے باہر بکنگ بند ہے کے بورڈ اس لیئے آویزاں کئے ہیں کہ وہ مہنگے داموں کپڑے سلائی کے لیئے آرڈر لیں اور من مانی قیمتیں وصول کرنے کیلئے مزید آرڈر نہ لینے کا بہانہ کررہے ہیں ضلعی انتظامیہ کی جانب سے کپڑوں کے سلائی کا سرکاری نرخ مقرر ہیں لیکن قابل افسوس امر یہ ہے کہ کوئی بھی درزی ضلعی انتظامیہ کے ریٹ لسٹ کے مطابق سلائی وصول نہیں کررہا اس وقت شہر کے درزی 1000 سے 3 ہزار روپے تک کی سلائی وصول کررہے ہیں۔

شال بقیہ 57

ژوب سے رابطہ کرے تاکہ ضلع ژوب کے غریب و نادار عوام کا مفت علاج معالجہ ہوسکے 3 اور 4 اپریل کے دن عوام صبح دس بجے سے سہ پہر بارہ بجے تک اپنا علاج اور آنکھوں کا معائنہ کرسکتا ہے ژوب کے علماء کرام، سیاسی سماجی اور مختلف طبقہ فکر سے تعلق رکھنے والے دور دراز علاقوں کے عوام کی خصوصی مدد کرے تاکہ کوئی بھی غریب شخص مفت علاج و معالجے کی سہولیات سے محروم نہ رہ جائے۔

شال بقیہ 58

لئے سستا آٹا سیل پوائنٹ لگایا گیا انھوں نے کہا کہ ہماری کوشش ہوگی کہ اس ریلیف کو مزید وسیع کریں تاکہ عام عوام اس سے زیادہ سے زیادہ فائدہ حاصل کرسکیں۔

شال بقیہ 59

دکانداروں کی جانب سے اضافہ عام بات ہے پھلوں میں سیب 450 مالٹا 250 سے 300 سبزیوں میں بھنڈی 250 سے 300 پیاز 300 سے 400 کھجور 800 سے ہزار 1000 روپے بکری کے گوشت 1300 سے 1400 فی کلو میں فروخت ہو رہا ہیں جبکہ دیگر اشیا ضروریہ کے قیمتیں بھی آسمانوں کو چھو رہے ہیں کسی چیز کے خرید غریب اور مزدور طبقے کی دسترس میں نہیں ہیں شہریوں نے ضلعی انتظامیہ سے اپیل کی ہیں کہ وہ رمضان شریف کے اس بابرکت ماہ کے دوران عوام کو ریلیف دے اور ضلع کی مختلف علاقوں میں سستے بازاروں کے انعقاد یقینی بنائے۔

شال بقیہ 60

لوکل گورنمنٹ اور دیہی ترقی کے سینئر ڈیولپمنٹ آفیسر احمد حسن جانڈیو سے مشترکہ ملاقات کی جس کے بعد سینئر ڈیولپمنٹ آفیسر نے چارج سنبھالنے والے یوسی چیئرمین کو بینک اکاؤنٹ کے دستخط دلوائے۔ اس موقع پر سینئر ڈیولپمنٹ آفیسر احمد حسن جانڈیو نے تمام یوسی سیکریٹریز کو ہدایت جاری کی کہ فنڈز، ڈیتھ اور برتھ سرٹیفکیٹ کے اجراء سمیت تمام سرکاری معاملات میں منتخب چیئرمین کو اعتماد میں لیکر انکے دستخط کو لازمی قرار دیا جائے تاکہ اقتدار کی نچلی سطح تک منتقلی کو شفاف طریقے سے یقینی بنایا جاسکے۔

شال بقیہ 61

سے نکالنے اور آئی ایم ایف سے جان چھڑانے کے لیے عمران خان نے قوم کو ایک مکمل اور کامیاب پلان دے دیا وہ وقت دور نہیں کہ عمران خان ایک مرتبہ پھر پاکستان کو خوشحالی کی راہ پر گامزن کرے گا، عمران خان کے خطاب میں پاکستان کے کروڑوں عوام جو امپورٹڈ مسلط شدہ حکومت کے آنے کے بعد ڈپریشن کے مریض بن چکے تھے اور اپنے مستقبل کے حوالے سے سخت پریشانی میں مبتلا تھے ملک کا روزانہ کی بنیاد پر تباہی اپنی آنکھوں سے دیکھ رہے تھے ان کے لئے ایک نئی امید پیدا کردی، ہم نے پاکستان کے آئین کو بچانے لئے سپریم کورٹ کے فیصلوں کے ساتھ کھڑا ہونا ہے پی ڈی ایم میں شامل کچھ بزدل سیاسی مافیا کی وجہ سے ملک تباہی کی طرف جارہا ہے۔

شال بقیہ 62

کا مسئلہ نہیں بلکہ پورا ملک میں گندم کی شارٹیج ہے جو نہ صرف اپنی ناقص کارکردگی کو چھپانے کے مترادف اقدام ہے بلکہ عوام کے آنکھوں میں دھول جھونکنا بھی ہے بدقسمتی سے وزیر خوراک محکمے کے منظور نظر افسران کی ملی بھگت سے گندم کی خریداری کم قیمت کرتے ہیں لیکن کاغذات میں اسے کئی قیمتیں دگنی ظاہر کرکے وسیع پیمانے پر کرپشن کا انکشاف ہوا ہے۔ زراعت ملک میں معاشی انقلاب برپا کرنے میں اہم کردار ادا کرتی ہے لیکن حکمران جماعتیں اس کے لیے ٹھوس اقدامات اٹھانے میں ناکام ہوچکے ہیں۔

شال بقیہ 63

زمینداروں کو فوری طور نوٹس جاری کرکے تحقیقات شروع کروایا۔

شال بقیہ 64

نقصان پہنچانے کا ہے اور نہ ہی کسی کو ناجائز تنگ کرنے کا ہے بلکہ جو پابندی عائد کیا گیا ہے اس پر ہر حال میں عملدرآمد کراکے عوام کو ریلیف فراہم کریں گے عوامی شکایت پر ڈپٹی کمشنر خاران نے فوری کارروائی کرتے ہوئے رمضان المبارک کے مہینے میں گوشت کے قلت کو دیکھتے ہوئے مال مویشیوں کو ضلع خاران سے باہر سمگلنگ پر سختی سے پابندی لگائی ہیں۔

شال بقیہ 65

کے موقع پر این این آئی سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ماہ صیام میں عوام اس کو ناجائز منافع خوروں ذخیرہ اندوزوں سے بچانے اور انہیں ریلیف دینے کیلئے ضلعی انتظامیہ بھرپور اقدامات کررہی ہے تمام اشیائے خورونوش کی قیمتیں مقرر کی گئی ہیں۔

TENDER NOTICE

The Executive Engineer (Road) Musakhail invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2023 based on Composite schedule rates 2018 on Percentage Rates Bid Security 2% **TSE-222303281493 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required.**

S.No	Name of Work	E/Cost	T/Fee
1	CONSTRUCTION OF BLACK TOP ROAD MOOKLAND TO ANDER PUR ROAD DISTRICT MUSAKHAIL (LENGTH 7.70 KM)	142,857,000/-	1,000/-

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List. The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required. The bidder must have completed 2 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 99,999,900 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm. Green Challan of Rs. 1000/- **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Gurantee, Deposit at Call** of 2% specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by **10 April, 2023** till **12:00 PM** through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at **01:00 PM** on **EPPS System Address:** CW PP&H Department Musakhail, District Musakhail

Phone no: 0828611168 **Email:** aslam.khan19652019@gmail.com

EXECUTIVE ENGINEER (ROAD)
CW PP&H DEPARTMENT
DISTRICT MUSAKHAIL

PRQ No.3092/27-3-2023

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

وفاقی حکومت بلوچستان کو پاکستان کا حصہ نہیں سمجھتے ہیں، مولانا خلیل احمد

وزیراعظم پنجاب میں رمضان پیکج کے تحت 53 ارب کے پیکج کے تحت مفت آٹا فراہم کر رہے ہیں اور جبکہ بلوچستان کو مفت آٹا ملنا تو دور کی بات ہے

بلوچستان کے عوام سستے آٹے کے حصول کیلئے لائنوں میں ذلیل وخوار ہوکر بھی آٹا انہیں ملتے ہیں' مولانا عبدالقادر لونی

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی امیر مولانا خلیل احمد، مرکزی سینئر نائب امیر مولانا عبدالقادر لونی، مرکزی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین، مرکزی نائب امیر مولانا عبدالروف، مرکزی جوائنٹ سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی، مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی نے کہا کہ وفاقی حکومت بلوچستان کو پاکستان کا حصہ نہیں سمجھتے ہیں وزیراعظم پنجاب میں رمضان پیکج کے تحت 53 ارب کے پیکج کے تحت مفت آٹا فراہم کر رہے ہیں اور جبکہ بلوچستان کو مفت آٹا ملنا تو دور کی بات ہے پاسکو کی گندم قیمت سے بھی نہیں دیا جارہا ہے، پنجاب میں 1 کروڑ 58 لاکھ گھرانوں کو مفت آٹا پیکج سے مستفید ہوں گے اور بلوچستان کے عوام سستے آٹے کے حصول کیلئے لائنوں بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

جھل مگسی' شدید ژالہ باری سے سیڈ فارم گنداواہ میں 400 ایکٹر پر گندم کی تیار فصل تباہ ہوگیا

جب سے میں نے چارج سنبھالا ہے تمام اینمل ہسپتال فنکشنل کرکے ہوئے ہیں' اعجاز احمد کھوسہ

سنی سنائی باتوں پر یقین نہیں رکھتا دوران سیلاب ہم نے مختلف پوسٹ پر جانوروں کی ویکسین کے لئے کیمپ لگائے

ماہجھی پور (نامہ نگار) آج ڈپٹی ڈائریکٹر لائیو اسٹاک ڈسٹرکٹ صحبت پور جناب اعجاز احمد کھوسہ نے کہا کہ جب سے میں نے چارج سنبھالا ہے تمام اینمل ہسپتال فنکشنل کر رکھے ہوئے ہیں میں سنی سنائی باتوں پر یقین نہیں رکھتا دوران سیلاب ہم نے مختلف پوسٹ پر جانوروں کی ویکسین کے لئے کیمپ لگائے ہمارا علاقہ کے غریب غربا کا گزر بسر ان مال مویشی پر ہے جیسے انسانوں کو بچانے کے لئے کیمپ لگائے گئے ویسے ہی ہم نے جانوروں کو بچانے کے لئے کیمپ بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر

میٹروپولیٹن ملازمین اپنے حقوق کے لئے متحد ہیں، حبیب الرحمن کاکڑ

ہم میٹروپولیٹن کے وسائل کو بے دریغ لوٹنے کی کسی کو اجازت نہیں دیں گے

کوئٹہ (این این آئی) ایپکا میٹروپولیٹن کوئٹہ کے صدر حبیب الرحمن کاکڑ، میر جان کھیتران، علی نواز رئیسانی، حاجی منظور بجھ جنید، عبدالجبار، محمد حیات، سیف الرحمن فہیم احمد، محمد انور، ایوب شاہ، عبدالمتین، محمد نسیم، بشیر ودیگر نے اپنے مشترکہ بیان میں سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کے ذریعے میٹروپولیٹن کو ٹھیکے پر دینے کا سلسلہ ترک کیا جائے۔ ہم میٹروپولیٹن کے وسائل کو بے دریغ لوٹنے کی کسی کو اجازت نہیں دیں گے۔ ملازمین کے حقوق پر ڈاکہ ڈالنے بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر

برقی لائنوں کی مرمت کے سلسلے میں بجلی بند رہے گی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں برقی لائنوں کی مرمت اور ضروری دیکھ بھال کا کام کیا جارہا ہے۔ اس سلسلے میں 28 مارچ بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

سردار عطاء اللہ مینگل (مرحوم) کے داماد عبدالمجید بگٹی انتقال کرگئے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچ قوم پرست رہنما، سردار عطاء اللہ خان مینگل (مرحوم) کے داماد بی این پی کے قائد سردار اختر جان مینگل کے بہنوئی میر چنگیز بگٹی اور میر نوروز بگٹی کے والد بی این پی لسبیلہ حب کے آرگنائزر جمیل بگٹی کے بھائی لسبیلہ وندر کے معروف قبائلی شخصیت میر عبدالمجید بگٹی کا طویل علالت کے بعد آج کراچی میں انتقال کرگئے۔

جھل مگسی شدید ژالہ باری سے سیڈ فارم گنداواہ میں 400 ایکٹر پر گندم کی تیار فصل تباہ ہوگیا

گنداواہ جھل مگسی (نامہ نگار) جھل مگسی شدید ژالہ باری سے سیڈ فارم گنداواہ میں 400 ایکٹر پر گندم کی تیار فصل تباہ ہوگیا کسان نان نفقہ کے لئے پریشان ہو گئے۔ جھل مگسی/ بلوچستان میں حالیہ شدید بارشوں سے ضلع جھل مگسی کی تحصیل گنداواہ میں گندم کی تیار فصل تباہ ہوگئی ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت گوہر خان بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر

کوئٹہ باچا خان چوک پر یوٹیلیٹی اسٹور کے ٹرک سے لوگ سستا راشن لینے کیلئے کھڑے ہیں

صوبے میں مردم شماری کو شفاف مردم شماری قرار نہیں دیا جاسکتا ہیں' حضرت عمر اچکزئی

4 اپریل 2023 مردم شماری کا آخری دن ہے اس تاریخ تک مردم شماری کا مرحلہ مکمل ہونا ناممکن ہے

جہاں خانہ شماری کا کام اب تک مکمل نہیں ہوا اور مردم شماری کا کام تو اس سے بھی زیادہ مشکل ہے

کوئٹہ (این این آئی) مردم شماری کی مدت میں توسیع کی جائے، مختلف اضلاع میں ہونیوالی بارشوں، برفباری کے باعث راستوں کی بندش، بجلی اور انٹرنیٹ نہ ہونے کے باعث مردم شماری عملے کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، اکثریت اضلاع میں مردم شماری کا کام اب تک نصف بھی نہیں ہوا اگر توسیع نہ کی گئی تو مردم شماری کو شفاف مردم شماری قرار نہیں دیا جاسکتا۔ ان خیالات کا اظہار پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی ڈپٹی سیکرٹری حضرت بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر

مہنگائی کی بہتی گنگا میں ٹیلرز، تندور مالکان، پکوڑے، اور مصالحہ فروش بھی ہاتھ دھونے لگے

عوام کو ریلیف فراہم کرنے کیلئے صوبائی وضلعی سطح پر کیے گئے دعوے دھرے ہی رہ گئے

قلعہ عبداللہ (این این آئی) ضلع قلعہ عبداللہ میں مہنگائی کی بہتی گنگا میں ٹیلرز، تندور مالکان، پکوڑے، مصالحہ جات اور پھل وسبزی فروش بھی ہاتھ دھونے لگے ہیں عوام کو رمضان المبارک کے بابرکت مہینے میں ریلیف فراہم کرنے کیلئے صوبائی وضلعی سطح پر کیے گئے دعوے دھرے ہی رہ گئے گرانفروشوں کو لگام دینا بس سے باہر ہوگیا ہے تفصیلات کے مطابق ضلع قلعہ عبداللہ شہر ودیگر تمام ملحقہ علاقوں میں مہنگائی کی بہتی گنگا میں ٹیلرز سمیت پکوڑے، تندور بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر

بھوکے انسانوں کو خوراک فراہم کرنے سے بڑی کوئی عبادت نہیں' نعمت اللہ ظہیر

اللہ تعالیٰ کو ہمارے بھوکے پیاسے رہنے کی ضرورت نہیں امتحان کا مہینہ ہے

کوئٹہ (این این آئی) خدمت خلق فاؤنڈیشن (رجسٹرڈ) انٹرنیشنل کے چیئرمین، صدارتی تمغہ امتیاز بمعروف سماجی شخصیت نعمت اللہ ظہیر نے کہا کہ رمضان المبارک برکتوں، رحمتوں، اور عبادتوں کا مہینہ ہے اور اگر کسی خاندان کو آپ دو وقت کی روٹی فراہم کردیں۔ تو اس سے بڑی عبادت ہو نہیں سکتی۔ پروردگار کو ہمارے بھوکے پیاسے رہنے کی ضرورت نہیں بلکہ ماہ رمضان اللہ کی جانب سے امتحان کا مہینہ ہے۔ ان کا اظہار انہوں نے مختلف شخصیات سے ملاقاتوں بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر

ژوب ڈیرالی ضلعی انتظامیہ ہیٹ موگی پرندوں کے شکار کی روک تھام کیلئے اقدامات اٹھائے، سمیع اللہ مندوخیل

شکار پارٹیاں موسمی پرندوں کا غیر قانونی شکار کرتے ہے، اتحاد نوجوانان ژوب

ژوب (نامہ نگار) اتحاد نوجوانان بلوچستان ضلع ژوب صدر سمیع اللہ مندوخیل نے پریس کلب کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہ کہ مارچ کا مہینہ شروع ہوتے ہی شکار پارٹیاں ضلع ژوب کا روخ کرتے ہیں، موسمی پرندوں کا نسل کشی بے دریغ شروع کرتے ہیں مقامی ودیگر علاقوں کے شکار پارٹیاں شہروں کی طرف کارتوس شاٹ گن لینے کی طرف چڑھ دوڑتے ہیں، کونج اور بٹیر کا شکار شروع کرتے ہیں ان موسمی پرندوں کا بے دریغ شکار کرکے ان کا نسل بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر

عوام موجودہ سیاسی ومذہبی جماعتوں سے مایوس ہوچکے ہیں، ڈاکٹر قاسم بلوچ

صوبے کے عوام آج بھی بنیادی سہولیات سے محروم ہیں' پاکستان غریبوں کی پارٹی

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان غریبوں کی پارٹی کے چیئرمین ڈاکٹر قاسم بلوچ نے کہا ہے کہ عوام موجودہ سیاسی و مذہبی جماعتوں سے مایوس ہوچکے ہیں سیاسی جماعتوں نے عوام کے مسائل حل کرنے کی بجائے صرف اور صرف اپنے بینک بیلنس میں اضافہ کیا ہے عوام آئندہ عام انتخابات میں ووٹ کے ذریعے انکا احتساب کریں گے، عوام آنے والے عام انتخابات میں پاکستان غریبوں کی پارٹی کے امیدواروں کو ووٹ دیکر کامیاب بنائیں انشاء اللہ ہم انہیں مایوس بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

تاجر، دکاندار جائز منافع لے کر ماہ مقدس میں اللہ کو راضی کریں، ساجدہ بنگلزئی

پاکستان اپنی تاریخ کی سب سے زیادہ مہنگائی اور گرانی سے گزر رہا ہے

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صوبائی ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات ساجدہ بنگلزئی نے کہا ہے کہ تاجر، دکاندار جائز منافع لے کر ماہ مقدس میں اللہ کو راضی کریں۔ پاکستان اپنی تاریخ کی سب سے زیادہ مہنگائی اور گرانی سے گزر رہا ہے، کم آمدنی والے شہری روز افزوں بڑھتی ہوئی مہنگائی سے سخت پریشان ہیں۔ ناجائز منافع خوری کے ذریعے ان کی مشکلات میں اضافہ نہ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ قیامت کے دن پر یقین رکھنے والا تاجر بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر

نصیر آباد ڈویژن گندم کی پیداوار کے حوالے سے خاص اہمیت کا حامل ہے، بشیر احمد بنگلزئی

اس سال نصیر آباد ڈویژن سے حکومت دس لاکھ گندم کی بوریاں خریدے گی' مجیب الرحمن

فنڈز کا اجراء ہو چکا ہے چار زون میں 23 خریداری سینٹرز قائم کیے گئے ہیں

نصیر آباد (این این آئی) کمشنر نصیر آباد ڈویژن اور صوبائی سیکرٹری خوراک مجیب الرحمن کے زیر صدارت نصیر آباد ڈویژن سے گندم کی خریداری کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ڈائریکٹر جنرل فوڈ ظفر علی گولہ ایڈیشنل کمشنر نصیر آباد ڈویژن علی محمد بانبھن ڈپٹی کمشنر نصیر آباد عائشہ زہری ڈپٹی کمشنر صحبت پور فیاض احمد ڈپٹی کمشنر جعفر آباد نجیب اللہ ترین ڈپٹی کمشنر استا محمد نثار احمد جھگڑی ڈپٹی کمشنر جھل مگسی لفٹیننٹ یاسر حسین ڈپٹی کمشنر کچھی سید سمیع اللہ آغا پروجیکٹ ڈائریکٹر فوڈ جانان جعفر جمعہ خان کاکڑ شبیر احمد سیال شاہ جہان مگسی صلاح الدین سمیت دیگر محکمہ خوراک کے آفیسران شریک تھے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کمشنر نصیر آباد ڈویژن بشیر احمد بنگلزئی اور صوبائی سیکرٹری خوراک مجیب الرحمن نے کہا کہ نصیر آباد ڈویژن بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر

عمران خان کی 7 مقدمات میں عبوری ضمانت منظور

اگر آپ عدالت پیشی پر 10 ہزار لوگوں کے ساتھ لائیں گے تو لا اینڈ آرڈر کے حالات تو ہوں گے، چیف جسٹس کا عمران خان کے وکیل سے مکالمہ

ہر شہری کی حفاظت ریاست کی ذمہ داری ہے، ریاست اپنا کام کرے اور حفاظت یقینی بنائے، چیف جسٹس ہائی کورٹ کی ایڈووکیٹ جنرل سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے سابق وزیراعظم اور چیئرمین پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) عمران خان کی 7 مقدمات میں عبوری ضمانت منظور کرلی۔ تفصیلات کے مطابق سابق وزیراعظم عمران خان کی جانب سے اپنے خلاف تھانہ گولڑہ، تھانہ بارہ کہو، تھانہ رمنا، تھانہ کھنہ اور توشہ خانہ کیس کیلئے جوڈیشل کمپلیکس میں پیشی کے دوران ہنگامہ آرائی پر درج مقدمات سمیت 7 مقدمات میں عبوری ضمانتیں حاصل کرنے کیلئے اسلام آباد ہائی کورٹ میں درخواستیں دائر کی گئیں۔ بیرسٹر سلمان صفدر کے توسط سے دائر درخواستوں میں کہا گیا کہ اگر عمران کو گرفتار کیا گیا تو انہیں ناقابل تلافی نقصان پہنچے گا۔ درخواست میں کہا گیا کہ وہ اب سے بڑی سیاسی جماعت کے سربراہ ہونے بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

گورنر بلوچستان ملک عبدالولی کاکڑ سے قبائلی رہنما نجیب اللہ اچکزئی کی سربراہی میں وفد کا گروپ فوٹو

یوفون 4G نے صارفین کی سہولت کے لیے واٹس ایپ سروس کا اجراء کردیا

اس سہولت کے ذریعے کمپنی کے کروڑوں صارفین کے ساتھ روابط کو مستحکم کیا جائے گا

کوئٹہ (این این آئی) پاکستانی موبائل کمپنی، یوفون 4G نے معروف کلاؤڈ کمیونیکیشن پلیٹ فارم، ای اوشن (E. Ocean) کے تعاون سے جدید واٹس ایپ چیٹ بوٹ کا اجراء کیا ہے جس کے ذریعے کمپنی کے کروڑوں صارفین کے ساتھ روابط کو مستحکم کیا جائے گا۔ صارفین اب 03311333100 پر واٹس ایپ کے ذریعے پیغام بھیج کر فوری طور پر مختلف ٹیلی کام خدمات سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں اور ایک بہترین ڈیجیٹل تجربے سے لطف اندوز ہو بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر

اوتھل پولیس کی کاروائی اشتہاری ملزم کو گرفتار

اوتھل (نامہ نگار) اوتھل پولیس کی کاروائی اشتہاری ملزم کو گرفتار کرلیا گیا۔ اوتھل پولیس کے پریس ریلیز کے مطابق ایس ایس پی لسبیلہ ایوب اچکزئی کی خصوصی ہدایت پر کہ جرائم پیشہ افراد پر کڑی نگاہ رکھی بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر

رمضان المبارک میں بے لگام مہنگائی کو کنٹرول کرنے والا کوئی نہیں، سید کرم اللہ شاہ

چمن (این این آئی) سماجی رہنما سید کرم اللہ شاہ نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ رمضان المبارک میں بے لگام مہنگائی کو کنٹرول کرنے والا کوئی نہیں پرائس کنٹرول کمیٹی بے بس عوام پریشان اشیاء خوردونوش کی قیمتیں آسمان سے باتیں کرنے لگیں تفصیلات کے مطابق رمضان المبارک شروع ہوتے ہی بے لگام مہنگائی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے سماجی رہنما بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر

دریائے ژوب کے کنارے کونج جیسا نایاب پرندوں کی شکار کا سلسلہ جاری ہے

ضلعی انتظامیہ کی خاموشی بہت بڑا سوالیہ نشان ہے 20 دن سے مسلسل کونج پرندوں کی شکار کا سلسلہ جاری ہے

ژوب (نامہ نگار) دریائے ژوب کے کنارے کونج جیسا نایاب پرندوں کی بے دریغ شکار کا سلسلہ زوروں سے جاری ہے ضلعی انتظامیہ کی خاموشی بہت بڑا سوالیہ نشان ہے یہ پرندے اس سیزن میں انڈیا کے راجستان ریاست سے اوڑ کر روس کے علاقے سائبیریا تک جاتے ہے یہ پرندے طویل سفر طے کرکے پاکستان کے مختلف علاقوں میں گزرتے ہوئے دریائے ضلع ژوب کے مختلف علاقوں میں اترتے پانی خوراک حاصل کرنے کے بعد اپنی منزل کی بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر

کوئٹہ روزہ دار افطاری کیلئے پکوڑے اور سموسے خرید رہے ہیں

نال میں رمضان المبارک میں قصاب لاغر اور بیمار جانور ذبح کرنے لگے

نال (آن لائن) نال میں رمضان المبارک میں قصاب لاغر اور بیمار جانور ذبح کرنے لگے کوئی چیک اینڈ بیلنس نہیں جسکی وجہ سے مختلف قسم کے بیماریوں کے پھیلنے کا خدشہ عوامی حلقوں نے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا تفصیلات کے مطابق نال بازار میں قصاب بیمار اور لاغر جانور ذبح کرکے گوشت فروخت کررہے ہیں انتظامیہ کی جانب سے اور محکمہ حیوانات کی جانب سے گوشت بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر

گوادر حق دو تحریک کے سربراہ کی رہائی کیلئے خواتین کا احتجاجی ریلی

مولانا ہدایت الرحمن کو گوادر کے عوام کے ساتھ ہونے والی ناانصافی کے خلاف آواز اٹھانے کی سزا دی جارہی ہے' ریلی شرکا

سردار عبدالرحمن کھیتران کو قتل کے الزام میں حراست میں لیا چند دن بعد رہا کردیا گیا' ماسی زینب

گوادر (این این آئی) حق دو تحریک ایچ ڈی ٹی کے سربراہ مولانا ہدایت الرحمن کی وسط جنوری میں گرفتاری کے بعد سے گوادر میں اب تک صورتحال پر امن رہی ہے لیکن دفعہ 144 کی پابندی ہٹانے کے بعد مولانا کی گرفتاری کے خلاف احتجاج شروع ہو گئے ہیں خاص طور پر قابل ذکر برقعہ پوش خواتین کا مظاہرہ تھا جنہوں نے مولانا ہدایت الرحمن کی رہائی کے لیے آواز اٹھائی۔ گوادر تحریک میں ماسی زینب کے خاتون چہرے نے ایک سال سے ملک بھر کی توجہ حاصل کی ہے ان کے مطابق حق دو تحریک کے سربراہ بغیر کسی وجہ کے جیل میں قید ہیں، ماسی زینب نے میڈیا سے بات کرتے ہوئے بتایا کہ مولانا ہدایت الرحمن کو گوادر کے عوام کے ساتھ ہونے والی ناانصافی کے خلاف آواز اٹھانے کی سزا دی جارہی ہے ان بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر

کوئٹہ اکثر درزیوں نے کپڑوں کی سلائی کیلئے بکنگ بند کردی

ارجنٹ سلائی کے منہ مانگے دام وصول کرنے لگے، شہریوں کو مشکلات کا سامنا

ضلعی انتظامیہ کی جانب سے کپڑوں کے سلائی کا سرکاری نرخ مقرر ہیں

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی دارالحکومت میں درزیوں نے عید کے کپڑوں کے لیے بکنگ بند کردی، ارجنٹ سلائی کے منہ مانگے دام وصول کرنے لگے، شہریوں کو مشکلات کا سامنا، تفصیلات کے مطابق عید الفطر کے کپڑوں کی سلائی کے لئے شہر بھر کے درزیوں نے ماہ صیام کے شروع ہوتے ہی بکنگ بند کردی ہے، درزیوں نے واضح کہہ دیا کہ ان کے پاس عید کی سلائی کرنے کیلئے کپڑوں کی بکنگ مکمل ہو چکی ہے اور وہ مزید کپڑے نہیں بنا سکتے درزیوں کے مطابق کاریگرنہ بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر

سی ایم ایچ ژوب میں دوروزہ 3 اور 4 اپریل کو فری آئی کیمپ لگارہے ہیں' الشفاء آئی ٹرسٹ

ژوب (نمائندہ خصوصی) الشفاء آئی ٹرسٹ کی جانب سے ژوب کے عوام کیلئے سی ایم ایچ ژوب میں دوروزہ 3 اور 4 اپریل کو فری آئی کیمپ لگارہے ہیں جس میں قابل اور کوالیفائیڈ ڈاکٹرز عوام کے آنکھوں کے حوالے سے علاج ومعائنہ کررہا ہے فری میڈیکل کیمپ میں موتیا کی آپریشن، مفت ادویات، مفت عینک اور مفت آنکھوں کی تشخیص و چیک اپ کررہے ہیں ژوب کے عوام اس فری آئی کیمپ سے زیادہ سے زیادہ استفادہ حاصل کرے اور سی ایم ایچ بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر

کوئٹہ ہیلتھ مینجمنٹ کیڈر ایسوسی ایشن بلوچستان کے کابینہ کا اجلاس صدر ڈاکٹر نعیم زرکون کی صدارت ہورہا ہے

عمران خان کے خطاب نے پاکستانیوں کے لیے ایک بار پھر امید کی کرن پیدا کردی، میر حسن شیرانی

پاکستان تحریک انصاف کے ہزاروں کارکنوں کو سیاسی انتقام کا نشانہ بنایا جارہا ہے

شیرانی (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف ضلع شیرانی ضلعی صدر حاجی میر حسن شیرانی نے کہا ہے کہ آج مینار پاکستان کے مقام پر پاکستان کے عوام نے اس ملک کو بچانے اور حقیقی آزادی دلانے کے لیے فیصلہ دے دیا ہے مینار پاکستان کے جلسے سے عمران خان کے خطاب نے پاکستانیوں کے لیے ایک بار پھر امید کی کرن پیدا کردی، پاکستان کو معاشی بحران بقیہ نمبر 61 صفحہ 3 پر

صوبائی محکمہ زراعت ومحکمہ خوراک دونوں تنزلی کا شکار ہیں، افغان قومی موومنٹ

صوبے کا 80 فیصد عوام نان شبینہ کے محتاج اور 80 فیصد زراعت کو تباہی کا سامنا ہے، حاجی جلیل خان

کوئٹہ (این این آئی) افغان قومی موومنٹ کے رہنما حاجی جلیل خان نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ محکمہ زراعت ومحکمہ خوراک دونوں تنزلی کا شکار ہیں نااہل اور کرپٹ وزراء کی ناقص کارکردگی کی وجہ سے صوبے کا 80 فیصد عوام نان شبینہ کے محتاج اور 80 فیصد زراعت کو تباہی کا سامنا ہے۔ گزشتہ روز وزیر خوراک نے ایک بیان میں کہا ہے کہ گندم کی قلت صرف بلوچستان بقیہ نمبر 62 صفحہ 3 پر

جعفر آباد کی مختلف یونین کونسلز کے چیئرمینز نے اپنے عہدوں کا چارج سنبھال لیا

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) جعفر آباد کی مختلف یونین کونسلز کے چیئرمینز نے اپنے عہدوں کا چارج سنبھال لیا، بلدیاتی انتخابات میں یوسی چیئرمین اور وائس چیئرمین کا مرحلہ مکمل ہونے کے بعد منتخب ہونے والے یونین کونسل سموں کے چیئرمین پیر بخش رند، یونین کونسل میر جمالی سے میر عطاء اللہ پندرانی، یونین کونسل ماکھوئی سے میر مٹھا خان بادینی اور یوسی بند مانک سے نظر حسین کھوسہ نے اپنے عہدوں کا چارج سنبھال لیا۔ چارج سنبھالنے والے یوسی چیئرمینز نے محکمہ بقیہ نمبر 60 صفحہ 3 پر

دالبندین میں چوری کی وارداتوں میں تشویشناک حد تک اضافہ

دالبندین (این این آئی) دالبندین میں چوری کی وارداتوں میں تشویشناک حد تک اضافہ گزشتہ رات دالبندین مسجد روڈ پر چوروں نے ایک دوکان کو چھت سے نقب لگاکر 12 لاکھ روپے نقدی ودیگر سامان لے اڑے ذرائع کے مطابق دالبندین شہر اور مضافات میں چوری کی وارداتوں میں تشویشناک حد اضافہ ہونے کی وجہ سے تاجر برادری سخت پریشانی سے دوچار ہے گزشتہ رات پی آئی ایس پی کی آفس پر بھی چوروں نے لاکھوں روپے لے اڑے مگر انتظامیہ خواب خرگوش میں سورہی ہے۔

عمران خان کو ضمانتیں ملنے کا ریکارڈ قائم ہوچکا ہے، خورشید شاہ

عمران خان نے اپنے دور میں سیاستدانوں پر جھوٹے مقدمات بنوائے اور پھر برسوں ضمانتیں نہ ہونے دیں

عمران خان کو صادق اور امین کا ٹائٹل بھی واپس کرنا ہوگا، وفاقی وزیر کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر آبی وسائل خورشید شاہ نے کہا ہے کہ عمران خان کو ضمانتیں ملنے کا ریکارڈ قائم ہوچکا ہے، جلد یا بدیر عمران خان کو انصاف کے کٹہرے میں آنا ہوگا۔ وفاقی وزیر خورشید شاہ نے ایک انٹرویو میں کہا کہ عمران خان کو صادق اور امین کا ٹائٹل بھی واپس کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان نے اپنے دور میں سیاستدانوں پر جھوٹے مقدمات بنوائے اور پھر برسوں ضمانتیں نہ ہونے دیں۔ انہوں نے کہا کہ ضمانتوں کا ریکارڈ اس لئے قائم ہوا کہ طاقت کے گھوڑے پر عمران خان پر مہربان ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان کے ہر شہری کیلئے انصاف کے فوری اور یکساں نظام کیلئے اقدامات ہونے چاہئیں۔ خورشید شاہ نے کہا کہ ترازو کے پلڑے سب کیلئے برابر ہونے تک ملک انتشار اور افراتفری کا شکار رہے گا۔

سبی ڈپٹی کمشنر سبی منصور احمد قاضی بکھڑ ا غلام بولک بچاؤ بند کا معائنہ کررہے ہیں

عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لئے حکومت بلوچستان تمام وسائل بروئے کار لارہی ہے

ہماری کوشش ہوگی کہ اس ریلیف کو مزید وسیع کریں' کمشنر سبی ڈویژن شاہد سلیم قریشی

سبی (ر ن) حکومت بلوچستان کی جانب سے اور محکمہ خوراک بلوچستان کے توسط سے سبی کی عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لئے سرکاری سستا آٹا کا سیل پوائنٹ لگایا گیا کمشنر سبی ڈویژن شاہد سلیم قریشی، ڈپٹی کمشنر سبی منصور احمد قاضی کی خصوصی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر سبی علی شاہ عباسی کی زیر نگرانی سستے آٹے کی فراہمی کا عمل جاری رہا بات چیت کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر سبی منصور احمد قاضی نے کہا کہ عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لئے حکومت بلوچستان تمام وسائل بروئے کار لارہی ہے جس کیلئے محکمہ خوراک کے توسط سے سبی میں بھی عوام کو ریلیف پہنچانے کے بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں ایک حقیقی تبدیلی لاکر عوام کی خدمت کریں گے، نواب زہری

بلوچستان کے عوام تبدیلی چاہتے ہیں ہم انشاء اللہ بلوچستان میں ایک حقیقی تبدیلی لاکر یہاں کے عوام کی بھرپور خدمت کریں گے

پاکستان پیپلز پارٹی عوامی امنگوں کا ترجمان جماعت ہے' سابق وزیراعلیٰ بلوچستان سے آغا شکیل احمد درانی میئر خضدار میر محمد آصف جمالدینی کی ملاقات

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما سابق وزیراعلیٰ بلوچستان چیف آف جھالاوان نواب ثناء اللہ خان زہری سے جھالاوان ہاؤس کراچی میں پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما سابق ڈسٹرکٹ چیئرمین آغا شکیل احمد درانی نومنتخب میئر خضدار میر محمد آصف جمالدینی میونسپل کارپوریشن خضدار کے رکن میر عزیز محمد عمرانی نے ملاقات کی پارٹی رہنماؤں نے نواب ثناء اللہ خان زہری کو پارٹی کی کامیابی پر مبارکباد دی۔ سابق وزیراعلیٰ بلوچستان نے نومنتخب میئر خضدار میر محمد آصف جمالدینی کو میئر منتخب ہونے پر مبارکباد دی اور ان کی کامیابی کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ ملاقات میں نواب زہری اور پارٹی کے سینئر رہنماؤں کے درمیان بلوچستان کی سیاسی صورتحال جھالاوان میں بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر

قلات میں مسافر بسوں کو قانون کے مطابق سروس فراہم کرنے کے لئے پابند کیا جائے

قلات میں بس مالکان کی پرمٹوں پر اختلافات ہیں، میر احمد ولی محمد عبدالستار نوروز خان

قلات (این این آئی) قلات کے قبائلی وسیاسی رہنماؤں میر احمد ولی محمد عبدالستار نوروز خان اور دیگر نے کہا ہے کہ قلات میں مسافر بسوں کو قانون کے مطابق سروس فراہم کرنے کے لئے پابند کیا جائے بس مالکان کی آپس کی اختلافات سے بس سروس معطل ہوگئی ہے بسوں کی بندش سے مسافروں کو کو پندرہ قلات سفر کرنے میں شدید مشکلات کا سامنا ہے سیکرٹری ڈویژنل آر ٹی اے بس مالکان کے مسائل حل کرنے کے لئے اقدامات کرے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے جاری کردہ اخباری بیان میں کیا انہوں نے کہ ہے کہ قلات میں بس مالکان کی پرمٹوں پر اختلافات ہیں۔

سرکاری نرخ کی خلاف ورزی وگراں فروشی ہرگز برداشت نہیں ہوگی، ڈپٹی کمشنر لسبیلہ

سرکاری نرخ نامے کی خلاف ورزی اور قیمتوں کی زائد وصولی کے ارتکاب پر سخت کارروائی کی جائے گی

بیلا (این این آئی) ڈپٹی کمشنر لسبیلہ مراد خان کاسی کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر سب ڈویژن بیلا حمزہ انجم اور تحصیلدار عبدالغفور موندرہ کی نگرانی میں پیر کے روز نائب تحصیلدار بیلا غلام سرور رونجھو نے محاسب اصغر علی کھوسہ کے ہمراہ بیلا بازار اور شکایت سیل کا دورہ کیا گوشت مچھلی پھل سبزیوں پکوڑے سموسوں مرغی دودھ دہی سمیت دیگر خورد ونوش اشیا کی قیمتوں اور چیزوں کے معیار کا جائزہ لیا شکایت سیل میں عوامی شکایات سنیں اور گوشت (بیف) فروش کو زائد نرخ وصولی پر جرمانہ عائد کیا رسالدار حبیب اللہ کلرک شکیل انور کھوسہ اور لیویز فورس کے جوانوں کی نظری بھی اس موقع پر موجود تھی نائب تحصیلدار بیلا غلام سرور رونجھو اور محاسب اصغر علی کھوسہ پیر کے روز بازار کے دورے بقیہ نمبر 65 صفحہ 3 پر

بسیمہ میں رمضان شریف کے دوران مہنگائی نے غریب عوام کے کمر توڑ دی ہیں

بسیمہ (این این آئی) ضلع واشک کے تحصیل بسیمہ کے مختلف علاقوں میں مہنگائی کے آسیب نے رمضان شریف کے مقدس مہینے میں عوام کو خوفناک صورتحال سے دوچار کر رکھا ہے بسیمہ شہر اور دیگر علاقوں میں جہاں روز مرہ اشیا کی قیمتوں میں اضافہ روز کا معمول بن چکا ہے وہیں اشیا خورد ونوش کی قیمتوں میں بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر

مشکل گھڑی میں عوام کو تنہا نہیں چھوڑا جائے گا، ترجمان سول سوسائٹی پنجگور

عوام کے تعاون سے اہم ایشوز پر جامع منصوبہ بندی کے تحت حکمت عملی طے کرینگے

پنجگور (این این آئی) سول سوسائٹی پنجگور کے ترجمان نے کہا ہے کہ سول سوسائٹی پنجگور کے عوام کا ترجمان ہے مشکل گھڑی میں عوام کو تنہا نہیں چھوڑا جائے گا۔ اپنے ایک جاری کردہ بیان میں انہوں نے کہا کہ جب بھی علاقے میں کوئی ناخوشگوار واقعہ رونما ہوا یا کوئی دوسرا سماجی مسئلہ ہوا تو سب سے پہلے آواز سول سوسائٹی کی صفوں میں سے اٹھی انہوں نے کہا کہ بارڈر کی بندش اور اسپتال میں ڈاکٹروں کے مسئلے پر سول سوسائٹی عنقریب ایک تحریک کا آغاز کرنے جارہی ہے۔

ضلعی انتظامیہ کا گوادر میں سستا بازار کے نام پر عوامی دھوکے کا تسلسل برقرار

کارکردگی صفر دکھاوا اور کرپشن سو فیصد، گوادر انتظامیہ کا عوام کے ساتھ کب تک مذاق چلے گا

گوادر (این این آئی) ضلعی انتظامیہ کا گوادر میں سستا بازار کے نام پر عوامی دھوکے کا تسلسل برقرار ہے، کارکردگی صفر دکھاوا اور کرپشن سو فیصد، گوادر انتظامیہ کا عوام کے ساتھ کب تک مذاق چلے گا، بدترین انتظامی سربراہ کا بدترین عوام دشمن نظام جاری، انتظام سے زیادہ انتقام پر توجہ ہے، ان خیالات کا اظہار مرکزی چیئرمین حق دو تحریک بلوچستان حسین واڈیلہ نے اپنے جاری کردہ بیان میں کیا۔ تفصیلات کے مطابق حق دو تحریک بلوچستان کے مرکزی چیئرمین واجہ حسین واڈیلہ نے اپنے ایک بیان میں ضلع گوادر کے ڈپٹی کمشنر کی دھوکے اور دکھاوے پر مبنی پالیسیوں پر شدید تنقید کرتے ہوئے کہا کہ ضلعی انتظامیہ گوادر میں انتظام سے زیادہ انتقام پر توجہ دے رہا ہے۔

خاران: ضلع سے گوشت باہر لے جانے پر انہیں سستا بازار میں نیلام کردیا گیا

ہمارا مقصد نہ کسی کو نقصان پہنچانے کا ہے اور نہ ہی کسی کو ناجائز تنگ کرنے کا ہے، اسسٹنٹ کمشنر

خاران (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر منیر احمد سومیانی کے ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر خاران امتیاز محفوظ بلوچ اور میجر رسالدار حاجی خدابخش ساسولی کے زیر نگرانی میں ضلع سے باہر لے جانے پر بھیڑ بکریوں کے گوشت کو سستا بازار خاران میں نیلام کرتے ہوئے فی کلو 630 کے حساب سے فروخت کی گئی اس موقع پر ڈی ایس پی پولیس محمد احمد پی آر او ڈپٹی کمشنر خاران الیاس سرتاج لیویز فورس کے عمران قمبرانی بھی موجود تھے اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر خاران امتیاز محفوظ بلوچ نے میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ہمارا مقصد کسی کو بقیہ نمبر 64 صفحہ 3 پر

یوٹیلیٹی اسٹورز کو غیر معیاری اور مضر صحت آٹا کی فراہمی کا نوٹس دیا جائے

خاران (نمائندہ خصوصی) منتخب رخشاں ڈویژن کے رجسٹرار نے رخشاں ڈویژن کے یوٹیلیٹی اسٹورز کو غیر معیاری اور مضر صحت آٹا کی فراہمی کا نوٹس لیتے ہوئے بقیہ نمبر 63 صفحہ 3 پر

کوئٹہ جوائنٹ روڈ پر ریلوے پولیس اور اینٹی انکروچمنٹ کے عملے کی جانب سے تجاوزات کیخلاف کی گئی کاروائی کے بعد تباہی کے مناظر

نصیر آباد کمشنر بشیر احمد بنگلزئی اور صوبائی سیکرٹری خوراک مجیب الرحمن گندم خریداری کے حوالے سے آفیسران کے منعقدہ اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں